In an editorial captioned 'India's stance is deplorable,' the newspaper said: "India's refusal to release the Pakistani war prisoners under the pretext that this move is connected with the issue of Islamabad's recognition of Bangladesh is deplorable, to say the least. By doing so, India is violating not only the Geneva Conventions, but also the decisions of the U.N. General Assembly and Security Council.

"Asia, perhaps more than any other continent, needs the rule of law. Trampling all principles of international conduct under foot when one is in a forceful position can set a precedent whose consequences are bound to be grave for the entire continent. Yet this is precisely what India is doing in the case of Pakistani POWs."

'Kayhan' said India's attitude could only keep alive the flames of revanchism in Pakistan; thus, it prevented any real detente that would enable the sub-continent to bury the past and build the future.

"India's insistence on connecting the prisoners issue with that of Pakistan's recognition of Bangladesh has a clear, albeit crude, political objective. Pakistan is bound to recognise the Dacca regime sooner or later. India wishes to be in a position to tell Dacca that its recognition by Pakistan was achieved as a result of New Delhi's stubbornness", it added.

Having created Bangladesh, the Paper said, India wanted to continue as its patron, tutor and boss. Therefore its present policy was inimical to both Islamabad and Dacca — provided the latter really wanted to be independent.—APP.

Inciting religious and regional hatred made punishable offence

ISLAMABAD, DEC. 2: THE PRESIDENT HAS PROMULGATED AN ORDINANCE DECLARING AS PUNISHABLE OFFENCE THE PROMOTION OR INCITEMENT OF DISHARMONY OR FEELINGS OF ENMITY, HATRED OR ILL-WILL BETWEEN DIFFERENT RELIGIOUS, RACIAL, LANGUAGE AND REGIONAL GROUPS, CASTES AND COMMUNITIES.

The Ordinance also declares punishable offence the organisation of or participation in any exercise, movement, drill or some other similar activity with the intention of using its participants as a criminal force against any religious, racial, language and regional group, caste and community.

The maximum punishment for these offences under the Ordinance will be five years' imprisonment with fine.

The Ordinance, which further amends the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898, will come into force on the day the Federal Government appoints by a notification in the official gazette.

Following is the text of the Ordinance:

The Criminal Law (Amendment) Ordinance, 1972:

Ordinance No. LIII of 1972:

An Ordinance further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898:

Whereas it is expedient further to amend the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860) and the Code of Criminal procedure, 1898 (Act V of 1898) for the purposes hereinafter appearing.

And whereas the National Assembly is not in session.

Now, therefore, in exercise of the powers conferred by Clause (1) of Article 94 of the Interim Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President is pleased to make and promulgate the following ordinance:

Short title, extent and commencement: 1

(1) This ordinance may be called the Criminal Law (Amendment) Ordinance 1972.

(2) It extends to the whole of Pakistan.

(3) It shall come into force on such day as the Federal Government may, by notification in the official gazette, appoint in this behalf.

Amendment of the Pakistan Penal Code

2. In the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860) (1) for Section 153-A the following shall be substituted, namely:

"153-A" RROMOTING ENMITY BETWEEN DIFFERENT GROUPS, ETC., WHOEVER:

(a) By words, either spoken or written, or by signs, or by visible representations or otherwise, promotes or incites, or attempts to promote or incite, on grounds of religion, race, place of birth, residence, language, caste or community or any other grounds whatsoever, disharmony or feelings of enmity, hatred or ill-will between different religious, racial, language or regional groups or castes or communities, or

(b) Commits, or incites any other person to commit, any act which is prejudicial to the maintenance of harmony between different religious, racial, language or regional groups or castes or communities or any groups of persons identifiable as such on any ground whatsoever and which disturbs or is likely to disturb public tranquillity,"

(c) Organises, or incites any other person to organise, any exercise, movement, drill or other similar activity intending that the participants in any such activity shall use or be trained to use criminal force or violence knowing it to be likely that the participants in any such activity will use or be trained to use criminal force or violence, or participates, or incites any other

Home of
Indo-Pak Cuisine
OPEN
7 DAYS A WEEK
11 AM to 11:30 PM
FRI & SAT. 2 AM
Oriental Dishes
DINING LOUNGE
DISHES TO SUIT
ALL TASTES
FAST TAKE-OUT
AND DELIVERY
"PIPING HOT TO YOUR HOME"
"BUSINESS MENS LUNCHEON"
$1.50
922-1004
1234 1/2 YONGE STREET
TORONTO

TRAVEL BOOTH

THE LATEST TRAVEL
INFORMTION CENTRE
86-Bloor St., Suite:100, Toronto 347
CALL 964 3333 FOR INFORMTIONS.

بزمِ خواتین

نقد و ادب

چنگاری بھڑک اٹھی

ٹالسٹائی

رُوس کے دُور افتادہ گاؤں میں آئیوان نامی ایک خوشحال کسان زندگی کی بہاروں سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔ اس کے تین بیٹے تھے جو کھیتوں میں اس کا ہاتھ بٹاتے — اُس کی بیوی جواں سال بیٹی اور بڑا بیٹا خاندان کی رونق تھے۔ ہر سال گھنے بادل چاروں طرف سے گھر کر آتے، پورب سے ٹھنڈی ہوائیں چلتیں، موسلا دھار بارش ہوتی اور ڈھیروں اناج پیدا ہوتا۔ صرف ایک بات فکرمند تھی، اُس کے بوڑھے باپ کو پھیپھڑوں کی بیماری تھی جو اُسے سات برس سے گھن کی طرح چاٹے جا رہی تھی۔ وہ عالمِ بے چارگی میں گھر والوں سے الگ تھلگ چارپائی پر بیمار پڑا کھانستا رہتا۔ زندگی کے خوشگوار لمحوں میں یہ ایک چنگاری بھڑک اٹھی جس نے سارے ماحول کو خاکستر بنا دیا۔ آئیوان کے ہمسائے لنگڑے جبریل سے اس کی لڑائی کا آغاز تھا۔ جبریل کے باپ گھوڑی نے آئیوان کے باپ سے اپنی پگڑی تبدیل کر رکھی تھی۔ ان کی زندگیوں میں کبھی تلخی پیدا نہ ہوئی اور علاقے بھر میں ان کے برادرانہ تعلقات کی دھوم مچی تھی — مگر آئیوان اور جبریل کا زمانہ آیا، تو دونوں گھرانوں کا محبت بھرا ماحول نفرت اور حقارت کی نذر ہو گیا۔

آئیوان کی بیٹی نے ایک مرغی پال رکھی تھی جو چھوٹی عمر ہی میں غیر معمولی جسامت کے انڈے دینے لگی تھی۔ اُس نے اس خیال سے انڈوں کا ذخیرہ کرنا شروع کر دیا کہ معتدل موسم کی آمد پر ان سے بچے نکلوائے جائیں گے۔ وہ ہر روز باقاعدگی سے چھپر میں جاتی اور چھکڑے کے نیچے سے ایک انڈا اُٹھا لاتی۔ مگر شومئی قسمت سے ایک روز بچوں کے شور غل سے مرغی بدک کر ہمسائے کے ہاں چھلانگ گئی اور وہیں انڈا دے دیا۔ لڑکی نے مرغی کا شور سُنا، مگر شام تک گھریلو کاموں کی وجہ سے نہ اُٹھ سکی۔ شام کے وقت لینے گئی، تو انڈا غائب تھا۔ پڑوسیوں سے پوچھا، مگر انہوں نے کہا:

ہمارے ہاں تو مرغی آئی ہی نہیں۔ اب مرغی کی تلاش شروع ہوئی، ڈربے کو دیکھا بھالا گیا، مگر کوئی سُراغ نہ ملا۔ مکان کی چھت پر سے اچانک لڑکی کی نظر پڑوسیوں کے صحن میں پڑی۔ وہ اپنی ہمجولیوں کے ساتھ خراماں خراماں سرگشت کر رہی تھی — کنکریاں مارنے سے مُرغی اپنے ڈربے میں آ گئی۔ سوال یہ تھا انڈا گیا تو کہاں؟ لڑکی نے اپنی ماں کے ہمراہ پڑوسیوں کے دروازے پر دستک دی۔ جبریل کی ماں نے دروازہ کھولا۔ اُس نے پوچھنے پر بتایا: "ہمیں کیا خبر، ہماری اپنی مرغیاں روزانہ بیسیوں انڈے دیتی ہیں۔" اطمینان نہ ہوئی۔ کچھ نازیبا الفاظ زبان سے نکل گئے، اُدھر سے ترکی بہ ترکی جواب ملا۔ پھر کیا تھا عورتیں چیخنے چلانے لگیں۔ آئیوان کی پھوپھی کنوئیں سے پانی بھرنے آئی تھی، اُس نے شور سُنا، تو دوڑ کر آئی اور جھگڑے میں شریک ہو گئی۔ آئیوان کے گھر والوں نے جو چھوٹی موٹی چیزیں عاریتاً دے رکھی تھیں ان کا مطالبہ شروع کر دیا۔ ان میں دوسری اشیا کے علاوہ چند مشکے بھی تھے جن میں جبریل کے گھر والوں نے دودھ دوہ رکھا تھا۔ آئیوان کی لڑکی نے آگے بڑھ کر دودھ زمین پر انڈیل دیا اور مشکے خالی کر لیے۔ اس پر بات بڑھی اور عورتیں ایک دوسرے سے گتھم گتھا ہو گئیں۔ جبریل کھیتوں سے لوٹ رہا تھا، اُس نے یہ ماجرا دیکھا، تو اپنے اہلِ خانہ کی امداد کو فرض جانتے ہوئے دشمنوں پر ٹوٹ پڑا۔ آئیوان اور اُس کا بیٹا گھر پر تھے۔ جبریل کی آواز سُن کر دوڑے اور آن کی آن میں میدانِ کارزار گرم ہو گیا۔ آئیوان نے جبریل کو پچھاڑ لیا اور اُس کی داڑھی کے بال نوچ ڈالے۔ اسی اثنا میں گاؤں کے لوگ اکٹھے ہو گئے اور بڑی مشکل سے بیچ بچاؤ کرایا۔

جبریل نے داڑھی کے بال کاغذ کی ایک پُڑیا میں باندھے اور ضلعی عدالت کا رُخ کیا اور مقدمہ بازی شروع ہو گئی۔ اُس کی بیوی محلے بھر کی عورتوں سے کہتی پھرتی: "بس کوئی دن جاتا ہے آئیوان کو سائبیریا بھیج دیا جائے گا۔"

آئیوان کے باپ نے بالکل شروع میں اس جھگڑے کو ختم کرنا چاہا اور بیٹے کو بُلا کر سمجھایا:

"صرف ایک انڈے کی بنا پر اتنا بڑا فساد برپا کرنا کوئی دانشمندی نہیں، ذرا سوچو خدا سینکڑوں انڈے ہمیں روزانہ عطا کرتا ہے، ہو سکتا ہے بچوں نے ہنسی مذاق میں اٹھا لیا ہو۔ بیٹے، غور کرو، ایک انڈے کی اوقات ہی کیا ہے۔ اگر انہوں نے کوئی نازیبا کلمہ کہہ دیا تھا، تو انہیں سمجھایا جا سکتا تھا، اگر لیے چپقلش پیدا ہو گئی ہے، تو بھی معمولی بات ہے۔ زندگی میں اس طرح کے واقعات پیش آتے ہی رہتے ہیں، تم جاؤ اور اُن سے معافی مانگ لو، معاملہ رفع دفع ہو جائے گا۔"

نوجوان نے بُوڑھے کی حکیمانہ باتوں کو دیوانے کی بڑ قرار دیا اور کہا:

"ابا جان، آپ عملی زندگی کے مسائل سے واقف نہیں — آجکل کی دنیا بہادروں کی ہے۔ ہم جبریل سے خوب نبٹ لیں گے۔"

آئیوان نے جوابی دعویٰ دائر کر دیا کہ جبریل نے اپنی داڑھی سے خود ہی بال نوچے ہیں اور جھوٹا مقدمہ کھڑا کیا ہے۔ ابھی یہ سلسلہ جاری تھا کہ ایک اور واقعہ پیش آیا۔ جبریل کی بیل گاڑی سے لوہے کی ایک بڑی سلاخ غائب ہو گئی۔ گھر والوں نے مشہور کر دیا کہ رات آئیوان کا بیٹا اٹھا کر لے گیا — یہاں تک کہا گیا: "ارے ہم نے اپنی آنکھوں سے دیوار پھلانگتے دیکھا ہے۔" چنانچہ ایک نیا مقدمہ درج کرا دیا گیا۔ اِس دوران میں دونوں گھرانوں کا آپس میں اُلجھنا اور گالم گلوچ کرنا روزمرہ کا معمول بن گیا۔ بچے اپنے بڑوں کی تقلید میں ایک دوسرے پر آوازے کستے، عورتیں نہر پر کپڑے دھونے جاتیں تو ان کی زبانیں قینچی کی طرح چلتیں۔ کھیتوں میں مرد ایک دوسرے پر پتھراؤ کرتے۔ اِس طرح ایک ایسی کشمکش چھڑ گئی جو ختم ہوتی نظر نہ آتی تھی۔ گاؤں کی پنچایت اور عدالت کے منصفوں کی کوششوں کے باوجود کوئی تصفیہ نہ ہو سکا۔

عدالت نے فریقین کو جرمانہ کر دیا، مگر اُن کے غُصّے میں کمی نہ آئی۔ وہ جذبات میں بہہ کر ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں مصروف رہے، بالکل اسی طرح جیسے دو کتے آپس میں لڑ رہے ہوں، کوئی آدمی ایک کتے کی دُم کھینچے تو وہ سمجھتا ہے کہ دوسرے کتے نے کھینچی ہے اور زیادہ جوش سے حملہ آور ہوتا ہے۔ اسی طرح یہ جھگڑا چھ برس عدالت میں چلتا رہا اور کوئی تصفیہ برآمد نہ ہوا۔

بوڑھا اپنی حکیمانہ گفتگو سے آئیوان کو سمجھاتا رہا کہ اس مصنوعی نفرت کو بڑی آسانی سے محبت میں بدلا جا سکتا ہے لیکن اس کی نصیحتوں پر اُس نے ذرا کان نہ دھرے — ساتواں برس تھا، شادی کی ایک تقریب میں جبریل نے شراب کے نشے میں آئیوان کی ماں کے مُنہ پر تھپڑ رسید کر دیا۔ بڑھیا ہفتہ بھر بستر پر پڑی رہی، مگر آئیوان دل ہی دل میں بڑا خوش تھا۔ اس نے اِس واقعے کی بنیاد پر جبریل کو سزا دلوانے کا فیصلہ کر لیا۔ عدالت کے کلرک کو رشوت دی، اس نے منصفوں کی موجودگی میں یہ فیصلہ پڑھ کر سُنایا کہ "جبریل کو بیس کوڑوں کی سزا دی جاتی ہے۔" جبریل کا رنگ اُڑ گیا۔ اُس نے اِدھر اُدھر سخت غُصّے کی حالت میں دیکھا اور بڑبڑاتے ہوئے کہا: "میں آئیوان کے مکان کو آگ لگا دوں گا۔" یہ شکایت پھر ججوں سے کی گئی، انہوں نے کہا: "اگر آپ لوگ مصالحت کر لیں، تو فیصلہ واپس لے لیا جائے گا۔" مگر کوئی مثبت جواب نہ ملا، چنانچہ سزا نافذ کر دی گئی۔

آئیوان دیر سے گھر پہنچا، عورتیں کھیتوں سے مویشی لانے گئی ہوئی تھیں، لڑکے چارہ وغیرہ لا رہے تھے۔ آئیوان کی پریشانی اس کے چہرے سے ہویدا تھی، اُسے خوب معلوم تھا، جبریل آج رات کسی وقت رہا ہو کر آ جائے گا اور ضرور مکان کو آگ لگا دے گا۔

بُوڑھا باپ کھانستا ہوا اپنی چارپائی سے اُترا اور آئیوان سے کہنے لگا: "اچھا، تو آج جبریل کو سزا مل جائے گی؟"

"ہاں، بیس کوڑے لگائے جائیں گے۔" آئیوان نے جواب دیا۔

بُوڑھے نے افسوس سے اپنا سر ہلایا اور کہنے لگا:

"بیٹے، ٹھنڈے دل سے سوچو تمہیں اس سزا سے کیا فائدہ پہنچے گا۔ کچھ بھی نہیں میرے بیٹے، تمہاری پریشانیوں میں اضافہ ہی ہو گا۔"

آئیوان بولا: "ابا جان! اس شخص نے مجھے بہت نقصان پہنچایا ہے، کونسی تکلیف ہے جو مجھے نہیں دی — اُس کی سزا یہی تھی۔"

"آئیوان، تمہارا خیال ہے میں سارا دن یہاں پڑا رہتا ہوں اور مجھے بیرونی دنیا کی کچھ خبر نہیں، بیٹے، تم غلط سوچتے ہو، میں نے اسی گاؤں میں اپنی زندگی کے قیمتی سال گزارے — تمہاری آنکھیں نفرت نے بند کر دی ہیں۔ تم اپنے ارد گرد پیش ہونے والے واقعات سے آنکھیں بند کیے بیٹھے ہو، تمہیں دوسروں کی غلطیاں تو یاد ہیں مگر افسوس اپنی کوئی یاد نہیں۔ اگر وہ بُرا تھا، تو تم ہی اچھے ہوتے، یہ جھگڑا کبھی نہ کھڑا ہوتا۔ تمہاری فصلیں برباد ہو گئیں، صحت بگڑ گئی اور دولت سرکاری گماشتے دونوں ہاتھوں سے لُوٹ رہے ہیں۔ آئیوان سوچو کیا یہ سب تمہارا اپنا کیا دھرا نہیں؟ آہ! تم نے کبھی اس کے نتائج پر غور کیا ہوتا۔ تمہاری عورتیں اور بچے کس بُری طرح گالی گلوچ کرتے رہتے ہیں۔ یہی تم اُن کی تربیت کر رہے ہو؟ کل ہی کی بات ہے تمہارا منجھلا صاحبزادہ چھت پر کھڑے پڑوسیوں کی لڑکی کو گالیاں دے رہا تھا اور تمہاری بیوی دیکھ کر مُسکرا رہی تھی۔ بیٹے بتاؤ کیا یہ سب ٹھیک ہو رہا ہے؟ کیا یہ اولاد کل تمہاری خاطر تواضع انہی مغلظات سے نہ کرے گی؟ بیٹے، فیصلہ کرو جو تمہیں تکلیف دے اُسے معاف کر دو گے۔ اِس طرح خُدا کی برکتیں تم پر نازل ہوں گی۔"

آئیوان نے سر جُھکا لیا اور سوچ میں پڑ گیا، پھر وہ اُٹھا اور باہر چلا آیا۔ رات سخت تاریک تھی، سیاہ بادل چھائے ہوئے تھے۔ سرد ہوا کے جھونکے جسم کو چیر رہے تھے۔ آئیوان کو خیال آیا گاؤں کا اسکول ماسٹر زار روس کو خط لکھ رہا تھا کہ جبریل کے مقدمے کا فیصلہ غلط ہوا ہے۔ اُس کی آنکھوں کے سامنے جبریل کی شرارتیں گھومنے لگیں۔ دفعتاً بجلی کی طرح ایک اور خیال کوندا، جبریل گاؤں آ پہنچا ہو گا، وہ ضرور کوئی نیا گُل کھلائے گا، وقت خواہ مخواہ ضائع کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

اُس نے پہلے بڑے بیٹے کو باہر بُلایا اور گھوڑے حویلی سے نکال کر رہٹ پر لے جانے کو کہا۔ خود حویلی کے چاروں طرف گشت کرنے لگا۔ اُس کی ذہنی پریشانی اور گھبراہٹ انتہا کو پہنچ گئی تھی۔ اچانک ملحقہ مکان سے غُصّے میں ڈوبی ہوئی آواز اُبھری: "اب اسے قتل ہی کر دینا چاہیے۔" بلاشبہ یہ آواز جبریل کی تھی۔ آئیوان شدید جھنجھلاہٹ کے عالم میں گھر میں داخل ہوا۔ بچے بستروں میں دبکے ہوئے تھے۔ لڑکی کپڑے پر کڑھائی کر رہی تھی اور رات اپنی آغوشِ محبت وا کیے آئیوان کو بلا رہی تھی۔ وہ یقیناً میٹھی نیند سو جاتا اگر اُس کے سر پر جبریل کا خوف مسلط نہ ہوتا۔

پھر اچانک اُس پر دیوانگی کی کیفیت طاری ہو گئی۔ وہ غُصّے سے بھرا گھر سے باہر نکل آیا۔ تیز ہوا نے اُس کے دل میں کئی خدشات پیدا کیے۔ اچانک حویلی کے اگلے کونے میں رکھی ہوئی خشک گھاس میں چنگاری بھڑکی اور ایک انسانی ہیولا تیزی سے دیوار پھلانگ گیا۔ آئیوان اس کے پیچھے لپکا۔ رات کی خاموشی میں دو آدمیوں کے دوڑنے کی آواز بہت خوفناک معلوم ہوتی تھی۔ اسی اثنا میں چھپر کی خشک چھت آگ پکڑ گئی اور چند لمحوں بعد شعلوں کی روشنی میں دور دور تک کا منظر دکھائی دے رہا تھا۔ گلی کے ایک موڑ پر جبریل اچانک غائب ہو گیا۔ اگلے ہی لمحے چیختے چلاتے آئیوان کے مُنہ پر ایک پتھر زور سے لگا۔ اُس کے حلق سے خوفناک چیخ بلند ہوئی اور پھر اُسے کچھ ہوش نہ رہا۔

آنکھ کھُلی تو اس نے اپنے مکان کو خوفناک آگ کے شعلوں میں گھرے دیکھا۔ گاؤں کے مرد، عورتیں اور بچے چلا رہے تھے۔ بڑے بڑے شہتیر خوفناک گڑگڑاہٹ سے ٹوٹ رہے تھے۔ شور سے کان پڑی آواز سُنائی نہ دیتی تھی۔ آئیوان کی مُرغیاں، بھیڑیں اور مویشی سب جل گئے تھے۔ صرف افرادِ خانہ بمشکل بچائے جا سکے۔

آگ اب جبریل کے مکان کو بھی اپنی لپیٹ میں لے رہی تھی۔ تیز ہوا کے باعث قابو پانا مشکل ہو رہا تھا۔ رات بھر کوششیں جاری رہیں۔ آدھا گاؤں جل گیا، تو آگ پر قابو پایا جا سکا۔ جبریل کے اناج کے ذخائر، تمام مویشی اور پہننے کے کپڑے تک جل گئے۔ صرف خواتین محفوظ مقام تک پہنچائی جا سکیں۔ آئیوان پاگلوں کی طرح صبح تک مارا مارا پھرتا رہا۔ اسے کچھ معلوم نہ تھا کس پر کیا گزری ہے۔ سحری کے وقت چودھری کے لڑکے نے آئیوان کو ہاتھ سے پکڑا اور تقریباً کھینچتا ہوا اپنے گھر لے گیا۔

اُس کا بوڑھا باپ جھلسا ہوا بسترِ مرگ پر دراز تھا۔ بیٹے کو دیکھ کر اُس نے ہولے سے آنکھیں کھولیں اور انتہائی کرب کے عالم میں کہنے لگا:

"بیٹا، میری آخری خواہش ہے کہ...... آگ لگانے والے کا نام...... نہ لینا...... کبھی بھی...... بھول جاؤ یہ کام کس نے کیا ہے...... اچھا خدا......"

اور بوڑھا ایک ہچکی کے ساتھ جہانِ فانی سے رخصت ہو گیا۔

آئیوان رونے لگا اور پھر یک لخت باپ کے قدموں میں جا گرا: "مجھے معاف کر دو، میں نے تمہارا کوئی کہنا نہیں مانا۔ اگر مان لیتا تو آج یہ روزِ بد نہ دیکھتا۔" پھر وہ بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑا۔

کئی دن بعد جب لوگ اپنے مکان دوبارہ تعمیر کر رہے تھے، آئیوان وہاں سے گزرا۔ اس نے کبھی ذکر نہ کیا آگ کیسے لگی۔ لوگ ایک نئے مقدمے کا انتظار کر رہے تھے، مگر انہیں مایوسی ہوئی۔ جبریل نے جب اس کے رویّے میں زبردست تبدیلی دیکھی تو اُسے شرمندگی ہوئی۔ کئی سال بعد دونوں گھرانے پھر شیر و شکر ہو گئے۔

■■

کریلے گوشت ترکیب

اجزا:۔ آدھ سیر بہت اچھا مچھلی یا دستی کا اور چھوٹے بکرے کا گوشت، پیاز ڈیڑھ پاؤ، کریلے تین پاؤ، ٹماٹر آدھ پاؤ، نمک، سُرخ مرچ حسبِ ذائقہ، گھی ایک پاؤ۔

ترکیب:۔ کریلے خوب اچھی طرح چھیل لیں، چھری سے رگڑ رگڑ کر اُن کے باہر کی سبزی ختم کر دیں، پھر کریلوں سے بیج نکال لیں اور ٹکڑے کر کے نمک لگا کر رکھ دیں۔ کریلوں کو نمک لگا کر کم از کم آدھ گھنٹہ اور زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹہ ضرور رکھ دینا چاہیے۔ اس کے بعد ان کو خوب ہاتھوں سے ملیں اور دھو لیں۔ بہت سے پانی سے دھو کر نچوڑ کر رکھ لیں۔

گوشت کو پیاز، لہسن ڈال کر اسی طرح گھی میں بھونیں جیسے ہر سالن کے لئے بھونتے ہیں، جب گوشت مسالے کے ساتھ گل کر تیار ہو جائے، تو اُسے نیچے اُتار لیجیے اور کریلے ایک فرائی پین میں گھی ڈال کر تلیے۔ بلکہ ہلکی آنچ پر اُن کا رنگ بادامی کر لیجیے مگر سُرخ نہ ہونے پائیں۔ پھر گھی کریلے سمیت بھنے ہوئے گوشت میں ڈال کر تھوڑا سا بھونیں۔ پھر ایک دو چمچے پانی ڈال کر دم پر لگا دیجیے۔ جب کریلے گل جائیں یعنی نرم ہو جائیں۔ اور گھی چھوڑ دیں تو اُتار لیجیے۔ اگر آپ چاہیں تو اس میں تھوڑا پانی ڈال کر ذرا سا رس بھی بنا سکتے ہیں، یہ آپ کی پسند پر منحصر ہے۔ لیکن کڑواہٹ کسی صورت میں بھی باقی نہیں رہے گی۔

ماش اور چنے کی دال

اجزا:۔ دال ماش چھلکے والی ایک پاؤ، دال چنا ایک پاؤ، لہسن ایک گٹھی، ادرک آدھی چھٹانک، نمک، سُرخ مرچ، ہلدی حسبِ ذائقہ، سبز مرچ، ہرا دھنیہ، گرم مسالہ پسا ہوا چائے کی ننھی چمچی کے برابر۔

ترکیب:۔ ماش اور چنے کی دال کو ملا کر بھگو دیں، ایک گھنٹہ بھیگا رہنے دیں۔ پھر ایک دیگچی میں ڈیڑھ سیر پانی ڈالیں اور اس میں لہسن پیس کر ڈال دیں اور نمک ڈال کر پکنے کے لئے رکھ دیں۔ جب پانی پکنے لگے تو دال نچوڑ کر ڈال دیں۔ اور ایک اُبال آنے کے بعد آنچ بالکل ہلکی کر دیں۔ تاکہ دم پر پکتی رہے اسکو دو گھنٹے پکنے دیں۔ پکنے کے دوران دال میں چمچہ نہیں چلائیں۔ چمچہ چلانے سے برتن کے پیندے میں لگ جائے گی، جب ادھ گلی ہو جائے تو ہلدی اور مرچ ڈال دیں۔ جب پوری گل جائے اور پانی اندازہ کے مطابق رہ جائے تو اس کو خوب گھوٹ دیں تاکہ کھیر کی طرح ہو جائے۔ اسی دوران ادرک اور ہری مرچ ڈال دیں اور دم پر رہنے دیں پھر گھی میں ذرا سی پیاز کاٹ کر ڈال دیں، پیاز بادامی ہونے پر دال میں گھی اُلٹ دیں اور گرم مسالہ، ہرا دھنیا ڈال کر پانچ منٹ رہنے دیں، اب استعمال میں لائیں۔ یہ دال چاول (چھلکے اُبلے ہوئے) کے ساتھ استعمال کریں تو بہت لذیذ ہو گی۔

امریکہ اب بھارت کو وسیع پیمانے پر امداد نہیں دیگا

سی آئی اے کیخلاف وسیع بھارتی پروپگنڈے سے صدر نکسن جھنجلا گئے ہیں

مشرقی پاکستان پر بھارتی حملہ روس بھارت معاہدہ کا نتیجہ ہے : بی بی سی

جنگی قیدیوں کی واپسی مشروط کرکے سابقہ قراردادوں کی نفی کی گئی ہے

پاکستانی سفارت خانے عالمی رائے عامہ ہموار کرنے میں ناکام رہے ہیں : میاں طفیل کا الزام

چین کے موقف کی فتح

کوئٹہ میں متعین فوجی دستوں کو چوکس رہنے کی ہدایت کردی گئی

مولانا مودودی نے کبھی پاکستان کی مخالفت نہیں کی

پاکستان ایران اور ترکی کی فوجی مشقوں پر بھارت میں تشویش کی لہر دوڑ گئی

روس کی بحری افواج بحیرہ ہند میں موجود ہیں : بھارتی وزیر کا اعتراف

بنگلہ دیش نہرو کی خارجہ پالیسی پر گامزن ہے

باہمی تعاون ہی امریکہ اور پاکستان کے دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنا سکتا ہے : نکسن

فرانس، پاکستان کو قرضہ دے گا

پاکستانی سرحدوں پر گولہ باری

شانتی کی ہاتھ میں مالا - لبوں پر امن امن
بات کیا ہی دوستو ! اس بھارتی دیوی کی ہے
سرحدوں پر امن کا پرچار لیکن توپ سے
روشنی گولوں کی ہے اور آرتی دیوی کی ہے

(دلشاد انبالوی)

مختلف فرقوں اور طبقوں میں نفرت پھیلانے پر پانچ سال قید ہوگی

فوج کے کسی فرد کو بغاوت پر اکسانے اور امن میں خلل ڈالنے پر سات سال سزا

اغوا کے ملزم کیلئے سزائے موت - صدر نے ضابطہ فوجداری کا ترمیمی آرڈیننس نافذ کردیا

INDO-PAKISTAN TRADING LTD. حلال گوشت اور مرغیاں

PLEASE VISIT US

For Masalas; Condiment; Rice & Dals. ALSO FREE TRAVEL ADVICE.

HALAL MEAT NOW AVAILABLE

936 Pape Ave. 461-5575

دوبئی میں اکرم پہلوان نے جمیکا کے چیمپین زمبا کو ھرا دیا

دوبئی ۱۸ دسمبر (نامہ نگار) کل دوبئی میں پاکستانی پہلوان بھولو برادران کی کشتیوں کے مقابلے ہوئے۔ ان کشتیوں کا بڑا مقابلہ اکرم پہلوان اور جمیکا کے چیمپین زمبا پہلوان کے مابین ہوا۔ زمبا اکرم کے مقابلے میں بہت طویل قامت تھا۔ اس نے دوسرے راؤنڈ میں اکرم کو کافی تنگ کیا لیکن تیسرے راؤنڈ میں اکرم نے اپنا خاص داؤ بوسٹن کریب اتنی خوبصورتی سے استعمال کیا کہ زمبا ایک جھٹکے میں زمین پر آ رہا۔ اور پھر تکلیف کے باعث مقابلے کے لئے نہ اٹھ سکا۔ اس طرح اکرم پہلوان نے اپنے سے بہت زیادہ طاقتور اور وزنی پہلوان کو بری طرح ہرا کر یہ مقابلہ جیت لیا۔ دوسرا بڑا مقابلہ ... کے چیمپین ... اور گوگا پہلوان کے مابین ہوا اور گوگا نے اسے دوسرے ہی راؤنڈ میں ناک آؤٹ کر دیا۔ ایک اندازے کے مطابق ان کشتیوں کو کم سے کم تیس ہزار پاکستانیوں نے دیکھا۔ ان کے علاوہ دوبئی کے معزز عرب شیوخ اور کئی وزراء بھی موجود تھے۔ وزیر دفاع جناب شیخ محمد بن راشد ... خصوصی مہمان تھے اور کشتیوں کے اختتام پر انہوں نے پاکستانی پہلوانوں اور ان کے فن کی بہت تعریف کی اور اکرم پہلوان کو کپ دیا۔

بنگلہ دیش میں امریکی فرسٹ سیکرٹری پر جاسوسی کے الزام میں تحقیقات

ڈھاکہ ... (اے پی پی) بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ عبدالصمد آزاد نے کہا ہے کہ وزارت خارجہ امریکی فرسٹ سیکرٹری ... کے ... اور سی آئی اے کے خلاف بنگلہ دیش کے اندرونی معاملات میں مداخلت کے الزامات کی چھان بین کر رہی ہے۔ عوامی لیگ کے ... طلباء رہنماؤں نے مسٹر ... پر یہ الزام لگایا تھا کہ وہ سی آئی اے کے لئے جاسوسی سرگرمیوں میں مصروف ہیں اور مخالف جماعت ... کے سربراہ ... سے کئی خفیہ ملاقاتیں کر چکے ہیں۔

پاسپورٹ کے سلسلے میں سپیشل پولیس کی تصدیق کا طریقہ ختم کر دیا جائے گا

مرکزی حکومت پاسپورٹ کے طریق کار کو سہل بنانے کے اقدامات کر رہی ہے

راولپنڈی ۱۹ دسمبر (اے پی پی) مرکزی حکومت بہت جلد پاسپورٹ حاصل کرنے کے طریق کار کو آسان بنانے کے اقدامات کرے گی۔ یہ آسانی درخواست دہندگان کو ... ضمانت مہیا کرنے کے سلسلے میں بھی دی جائے گی کیونکہ ماضی میں اسی پابندی کی وجہ سے پاسپورٹ حاصل کرنے میں عوام کو کافی پریشانی رہی ہے۔ ... اس بارے میں فیصلہ کیا جائے گا۔ پولیس کی طرف سے تصدیق کے طریق کار کو بھی سہل بنایا جا رہا ہے۔ مقامی پولیس کے علاوہ سپیشل پولیس سے جو تصدیق حاصل کی جاتی تھی اسے بھی ختم کر دیا جائے گا۔ اگر پولیس کی رپورٹ کے بارے میں ضروری ہوئی تو یہ کام براہ راست متعلقہ تھانہ کے توسط سے کیا جائے گا اور اس کی رپورٹ علاقہ کے سپرنٹنڈنٹ پولیس کے توسط سے منگوائی جائیں گی۔ ان اقدامات کے بعد پاسپورٹ بنانا ایک سہل کام ہو جائے گا اور اس طرح بدعنوانیاں از خود ختم ہو جائیں گی۔ پاسپورٹ دفاتر کے عملے میں بھی اضافہ کیا جا رہا ہے تاکہ کام زیادہ رفتار کے ساتھ تکمیل پذیر ہو۔

ہم تمام پاکستانیوں کو پاکستان بھیج دینے کیلئے تیار ہیں

نام نہاد بنگلہ دیش کا اعلان

ڈھاکہ ... (اے پی پی) نام نہاد بنگلہ دیش کی حکومت ...

مصطفی زیدی مقدمہ قتل پر نظر ثانی کی درخواست مسترد کر دی گئی

کراچی ۲۰ دسمبر (اسٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ سیشن جج کراچی جناب حمزہ خان ... قریشی نے مصطفی زیدی مقدمہ قتل پر نظر ثانی کی درخواست مسترد کر دی۔ ڈسٹرکٹ جج نے اپنے فیصلے میں لکھا ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا فیصلہ صحیح تھا اور ڈاکٹری رپورٹوں اور استغاثہ کے گواہوں کے بیانات سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ مصطفی زیدی کو قتل کیا گیا ہے۔

صدر بھٹو کی شکارگاہ کی اراضی ہاریوں میں تقسیم کر دی جائے گی

(امروز کے کراچی بیورو سے)

کراچی ۲۰ دسمبر ضلع ... میں صدر بھٹو کی ملکیت ایک سو ... ایکڑ رقبہ پر واقع شکارگاہ ہاریوں میں تقسیم کر دی جائے گی۔ اس کے علاوہ ... اور نواب شاہ کے اضلاع ... ہاریوں میں تقسیم کی جائیں گی۔ ... مسٹر غلام مصطفی جتوئی اور دوسری ... ہے۔ ... شکارگاہ شامل ہیں۔

کشمیری بزور طاقت اپنا حق حاصل کریں گے

بھارت کو شیخ عبداللہ کا انتباہ

سری نگر ۱۹ دسمبر (اے پی پی) کشمیری رہنما شیخ محمد عبداللہ نے کہا کہ کشمیری عوام اپنے حقوق کے حصول کے لئے ... ہاتھ پر ہاتھ دھرے نہیں بیٹھے رہیں گے بلکہ جلد ہی فیصلہ کن اقدام کریں گے انہوں نے کہا کہ ہم بزور طاقت اپنا حق حاصل کریں گے۔ ہمارا پیمانہ صبر لبریز ہو چکا ہے۔

بھریا میلہ، ۱۷ دسمبر بروز اتوار پہلا شو ۳ بجے شب دوسرا شو ۶ بجے شب

Kartar Singh

WRITTEN PRODUCED & DIRECTED BY SAIF-UD-DIN SAIF

کرتار سنگھ ۲۳ دسمبر بروز ہفتہ

پہلا شو ۴ بجے شب، دوسرا شو ۷ بجے شب

HARBORD COLLEGIATE, TORONTO.

DISTRIBUTED BY A. ALAM

CALL 535-2797.

پاکستانی جنگی قیدیوں کو رہا نہ کیا گیا تو سلامتی کونسل میں ویٹو کا سلسلہ شروع ہو جائیگا

ہمارے قیدیوں کی مسلسل نظربندی کا بھارت کے پاس کیا جواز ہے

قیدیوں کے انسانی مسئلہ پر عالمی ضمیر مردہ ہو گیا ہے

مردان ۱۸ دسمبر (اے پی پی) صدر پاکستان ذوالفقار علی بھٹو نے اعلان کیا ہے کہ اگر بھارت نے پاکستانی جنگی قیدیوں کو رہا نہ کیا ... تو ہم سلامتی کونسل میں ویٹو کرنے کا ایک سلسلہ شروع ہو جائے گا ... بھارت کی طرف سے پاکستانی جنگی قیدیوں کو مسلسل قید میں رکھنے کے اقدام کو چیلنج کرتے ہوئے صدر نے کہا کہ جنگ بند ہو چکی ہے اور پاکستان اور بھارت نے ... پر دستخط کر دیئے ہیں ... بھارت کے پاس جنگی قیدیوں کو قید میں رکھنے کا کیا جواز ہے ... انہوں نے کہا کہ اگر بھارت نے ہمارے جنگی قیدیوں کو ... رہا نہ کیا ...

بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں تو کوئی اور حکومت تلاش کر لو: صدر بھٹو

راولپنڈی یکم دسمبر (نمائندہ خصوصی۔ اے پی پی) آج لیاقت باغ میں صدر بھٹو کے جلسہ عام میں جب بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے مخالفوں اور حامیوں کے درمیان نعرہ بازی شروع ہوئی تو صدر بھٹو جھنجھلا گئے اور انہوں نے اعلان کیا کہ اگر آپ لوگ بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کرنا چاہتے تو پھر کوئی دوسری حکومت تلاش کر لیجئے۔ صدر نے عوام سے کہا کہ وہ حقیقت پسندانہ انداز فکر اختیار کریں۔ اگر مشرقی پاکستان کے عوام ہمارے ساتھ رہنا پسند نہیں کرتے تو ہم کس طرح انہیں اپنے ساتھ رہنے پر مجبور کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش سے تعلق پیدا کرنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ اسے تسلیم کر لیا جائے۔

Money makes money. Does yours?

It can, you know. Sure, your money seems to go out as fast as it comes in. But part of what you earn can be earning dollars for you. And the Man from Investors can show you how it's done. He has figures that show how thousands of Canadians, just like you, are successfully investing their money for future profit with Investors—the largest company of its kind in Canada. And he'll help you to select the Investors plan best suited to your personal financial situation. What better time than now to start your money making money! Call the Man from Investors today!

LATEEF OWAISI

Ste. 380 - 10 Wynford Heights Crescent, Don Mills, Ontario

Business 449-0800.

Investors SYNDICATE LIMITED

Ali Baba

welcomes you to Niagara Falls, Canada with his traditional oriental hospitality.

Ali Baba's cuisine of the Orient presents to you from the tables of Shaikhs, Khans, Pashas, Maharajas and the sultans of the Orient Shish Kebabs, Steaks, Chicken Tandoori, Sea Foods, Vegetarian Foods at their best, and many other delicious curried foods. Also selected American and Canadian dishes.

Ali Baba International Restaurant - Dinig Lounge

"ASIA HOUSE" — Center Street, Niagara Falls, Canada. Tel. 354-6933 & 356-8785

OPEN ALL NIGHT 7 DAYS-A-WEEK

31_John St. (Windsor Hotel Bldg.) HAMILTON

دوسرا ایٹمی بجلی گھر لائل پور کے قرب و جوار میں قائم کیا جائے گا

پاور سٹیشن ۶۰۰ میگاواٹ بجلی پیدا کرے گا

۱۹۷۹ء تک مکمل ہونے والے ایٹمی بجلی گھر پر بارہ کروڑ روپے غیر ملکی زر مبادلہ خرچ ہوگا

پاکستان کے ساتھ جلد تصفیہ ہو جائے گا۔ اندرا

نئی دہلی ۱۶ دسمبر (ریڈیو رپورٹ) بھارتی وزیراعظم مسز اندرا گاندھی نے کہا ہے کہ بھارت پاکستان کے ساتھ تمام متنازعہ مسائل طے کرنے کی کوشش کر رہا ہے ...

افغان ولی عہد شہزادہ اور شہزادی دہلی پہنچ گئے

اندرا گاندھی کو قتل کرانے کی کوشش

امریکی سی آئی اے پر بھارتیوں کا الزام

کویت ۱۶ دسمبر (رپب) ... السیاست نے بھارت کے باخبر ذرائع کے حوالے سے یہ خبر شائع کی ہے کہ امریکی سی آئی اے گزشتہ دو برس کے دوران بھارتی وزیراعظم مسز اندرا گاندھی کو قتل کرانے کی تین یا چار بار کوشش میں ملوث تھی۔ بھارتی حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے پاس اس بات کا ثبوت موجود ہے لیکن انہوں نے مقصداً اسے پوشیدہ رکھا ہے تاکہ بھارت اور امریکہ کے تعلقات خراب نہ ہوں اور بھارت کے لئے امریکی اقتصادی امداد حاصل کی جا سکے۔

بھارتی جنگی قیدی دہلی پہنچ گئے

سکھ لیڈر جتھیدار سنت چنن سنگھ وفات پا گئے

بلوچستان میں لاقانونیت پھیلانے والوں کو معاف نہیں کیا جائے گا

احمد نواز بگٹی سے جبراً استعفے کا مطالبہ غیر جمہوری ہے، گل خان نصیر

جنگی قیدیوں کے مسئلہ پر بھارت نے اخلاقی دیوالیہ پن کا ثبوت دیا ہے۔ کیہان انٹرنیشنل

بھارت کا موجودہ رویہ برصغیر میں قیام امن کی راہ میں رکاوٹ ہے

بھارت کو اخلاقی اصولوں اور اقدار کی تضحیک کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے

ناروے پاکستان کو ۷۵ لاکھ ڈالر دے گا

۲۵۰ پاکستانی جنگی قیدیوں پر بنگلہ دیش میں مقدمات شروع ہو جائیں گے

قیدیوں کے خلاف "قتل عام" کے الزام میں فرد جرم تیار کر لی گئی ہے

مشرقی پاکستان انتظامیہ سے تعاون کے الزام میں ۱۶۹ تجارتی فرمیں بھی بلیک لسٹ کر دی گئیں

ڈھاکہ ۱۶ دسمبر (رپب۔ اپ) امریکی اخبار "واشنگٹن پوسٹ" نے آج یہاں اطلاع دی ہے کہ بھارت میں قید ۲۵۰ پاکستانی فوجیوں کو جنگی جرائم کے الزام میں مقدمات چلانے کے لئے بنگلہ دیش لایا جائے گا۔ اخبار نے ڈھاکہ کے اعلیٰ ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ جب ۱۶ دسمبر کو یہ جنگی قیدی ڈھاکہ پہنچ جائیں گے تو ان پر اسی ماہ کے دوران ہی مقدمات چلائے جائیں گے ...

جنگی جرائم کے کمیشن نے ان ۲۵۰ پاکستانی جنگی قیدیوں کے خلاف قتل عام کے الزام میں پہلے ہی فرد جرم تیار کر رکھی ہے۔ واشنگٹن پوسٹ نے لکھا اور اطلاع کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ بنگلہ دیش میں کام کرنے والی ۱۶۹ تجارتی فرموں کو مشرقی پاکستان انتظامیہ کے ساتھ تعاون کے الزام میں بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔ ان فرموں کو ابھی تک ملک میں کام کرنے کی اجازت تھی۔

دس ہزار سرکاری ٹیوب ویل زمینداروں کے ہاتھ فروخت کر دیئے جائیں گے

پندرہ ہزار ٹیوب ویل ملازمین بے روزگار ہو جائیں گے

حکومت کو اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرنی چاہیئے۔ ٹیوب ویل ورکرز یونین

شیخوپورہ ۱۶ دسمبر (نمائندہ خصوصی) صوبائی حکومت نے صوبے کے دس ہزار ٹیوب ویلوں کو زمینداروں کے ہاتھ فروخت کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ فیصلے کی منظوری صدر بھٹو سے حاصل کی جا رہی ہے۔ اس طرح صوبے کے پندرہ ہزار ٹیوب ویل ورکرز بے کار ہو جائیں گے۔ اس کا انکشاف پنجاب ٹیوب ویل ورکرز یونین کے مرکزی صدر چوہدری محمد اکرم نے ...

... قبل ازیں منظور پیپلز کے علاقے میں واقع ٹیوب ویلوں کو زمینداروں کے ہاتھ فروخت کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ لیکن ستمبر کے مہینے میں صوبائی وزیر خزانہ اور وزیر مال نے یقین دلایا تھا کہ اس فیصلے کو واپس لے لیا جائے گا۔ اس یقین دہانی کے ایک ماہ بعد سکارپ کے ساڑھے چار ہزار ٹیوب ویلوں کو فروخت کرنے کا فیصلہ واپس لینے کی بجائے دوسرے محکموں کے زیر انتظام چلنے والے ساڑھے پانچ ہزار ٹیوب ویل بھی بیچ دینے کا فیصلہ کر دیا گیا۔

شیخ مجیب کا وہی حشر ہونے والا ہے جو شیخ عبداللہ کا ہوا تھا۔ میاں طفیل محمد

"بنگلہ دیش" کو تسلیم کیا گیا تو تمام آبادی کو حساب دینا پڑے گا

پشاور ۱۶ دسمبر (اپپ) میاں طفیل محمد امیر جماعت اسلامی نے اپنی جماعت کے موقف کا اعلان کیا ... کہ ان کی جماعت بنگلہ دیش کو ہرگز تسلیم نہیں کرے گی اور یہ تجویز دی کہ مشرقی پاکستان میں حالات بڑی تیزی کے ساتھ تبدیل ہو رہے ہیں ...

مجیب کا تختہ الٹنے کا وقت آگیا ہے۔ مولانا عبدالحمید بھاشانی

ڈھاکہ ۱۶ دسمبر (رپب) مشرقی پاکستان نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ مولانا عبدالحمید خان بھاشانی نے کہا ہے کہ اب وقت آگیا ہے کہ مجیب کی حکومت کا تختہ الٹنے کے لئے عوام اور سیاسی ...

دس سال سے کم عمر کے بچوں کو اغوا کرنے کی سزا موت یا ۱۴ سال قید بامشقت ہوگی

اسلام آباد ۱۶ دسمبر (اپپ) صدر مملکت نے آج ضابطہ فوجداری کا ترمیمی آرڈیننس جاری کیا ہے اس کے تحت تعزیرات پاکستان اور ضابطہ فوجداری میں ترمیم کر دی گئی ہے ...

اداکار اعجاز نے دوسری شادی رچالی

لاہور ۱۶ دسمبر (نمائندہ جنگ) اداکار اعجاز نے ... کار فریت ترکی کی نے پاک لڑکی شاہدہ سے شادی کر لی ہے دولہن کے رشتہ داروں کے علاوہ اعجاز کے قریبی دوستوں نے بھی شرکت کی شاہدہ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں انہوں نے ایم اے کیا ہوا ہے۔ یاد رہے کہ یہ اعجاز کی دوسری شادی ہے۔ ان کی پہلی شادی ملکہ ترنم نور جہاں سے ہوئی تھی جسے انہوں نے گذشتہ سال طلاق دے دی تھی۔

مشرقی پاکستانی آج بھی متحدہ پاکستان کے حامی ہیں

سالمیت کو پارہ پارہ کرنے والوں کی ٹانگیں توڑ دی جائیں گی

ہوتی اور انعام بنی پردیسی کی تقاریر

☆ANAR KALI☆

GENERAL STORE

FOR

★★Halal Meat ; Spices ; Rice etc.

AT 864 College St., Toronto

Phone: 536-6606

روس تخفیف اسلحہ کی آڑ میں ایٹمی اجارہ داری برقرار رکھنا چاہتا ہے

تحریر: ڈکیٹ حسین

۲۴ اکتوبر کو جب روسی مندوب نے تخفیف اسلحہ کے بارے میں تمام ملکوں کی نمائندہ کانفرنس بلانے کی قرارداد پیش کی تو چین نے پہلی مرتبہ امریکہ کے ساتھ مل کر روس کی کھلم کھلا مخالفت کی۔ چینی مندوب نے اعلان کیا۔

"روس پہلے ہی اتنے زیادہ ہتھیار تیار کر چکا ہے کہ ایک دو ملکوں کو چھوڑ کر دوسرے ملک پندرہ سال تک اتنے ہتھیار تیار نہیں کر سکیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ہتھیاروں پر پابندی عائد کرنے کے حق میں ہے۔"

امریکی نمائندے نے بھی اس روسی قرارداد کی مخالفت کی لیکن اس نے اپنے موقف کو چینی نقطہ نظر سے ایک اور دلیل کو بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ

"دنیا کے ملکوں کی اکثریت ہتھیاروں پر پابندی عائد کرنے کے لئے تیار نہیں ہے اس لئے یہ قبل از وقت ہے۔"

...

مذاکرات سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا لیا جاتا تھا۔

پاکستان کے خلاف جو جنگی سامان اور فوجی ہتھیار روس نے بھارت کو فراہم کیا اس میں اپنے فوجی سامان کی کھپت نکالنے کے ساتھ ساتھ یہ جذبہ بھی کارفرما تھا کہ پاکستان کو کمزور کر کے بھارت پر برتری حاصل کی جائے اور اس طرح بحر ہند میں قدم جمانے کی راہ نکالی جائے۔ چنانچہ روس نے اس مقصد میں کسی حد تک کامیابی حاصل کر لی ہے۔

ایک وقت وہ تھا جب گزشتہ میں بھارتی وزیر اعظم نے بحر ہند میں روسی بحری بیڑہ کی سرگرمیوں پر واویلا مچاتے ہوئے بھارت کی سلامتی کے لئے اسے ایک خطرہ قرار دیا تھا۔ لیکن آج بھارت کے ایما پر ... روسی بحری اڈہ کی تعمیر ہو رہی ہے روس کے اقتصادی کونسلر نے خود اس بات کا اعتراف کیا کہ روسی بحری بیڑے نے اس تباہ شدہ بحری جہازوں کے ٹھکانوں کو صاف کر لیا ہے اس طرح تقریباً بندرگاہ کے اردگرد کا ۳۰ میل تک کا راستہ صاف ہو گیا ہے ...

کہ اس کے لئے کوئی محفوظ پناہ گاہ بھی نہیں ہے۔ ادھر روس کو سہولت حاصل ہو گئی ہے کہ وہ نہر سویز کھلنے کی آسانی بحیرہ روم سے رابطہ قائم کر لے گا۔

چین کے ایک رسالہ میں شائع ہونے والے مقالہ میں اس طور پر کہا گیا تھا کہ

"روس ایک طرف تو تخفیف اسلحہ کا شور مچا رہا ہے اور دوسری طرف خود اسلحہ سازی کی دوڑ میں آگے نکل جانا چاہتا ہے۔ دوسری جنگ عظیم کی یادگار کی تقریب میں روسی نمائندے نے کہا تھا کہ جنگ روکنے کے موثر حربات ناممکن تھی اب وہ قابل عمل ہے۔ ... اس خیال کو عملی جامہ پہنانے کے لئے دو اصول بتائے گئے۔ اول یہ کہ طاقت کا استعمال ترک کیا جائے دوسرے ملکی سرحدوں کو ناقابل انتقال بنایا جائے۔"

مسٹر بریژنیف اور مسٹر برانڈٹ کی ملاقات کے بعد ...

اور جراثیمی ہتھیاروں پر مکمل پابندی عائد کی جائے ... سوویت یونین کے وزیر خارجہ مسٹر گرومیکو نے بھی جنرل اسمبلی کے ۲۶ ویں اجلاس میں اسی موقف پر اظہار خیال کیا تھا۔ ...

"روس نے امریکہ کے مقابلے میں میزائلوں سے لیس آبدوزوں میں برتری حاصل کر لی ہے۔ دو سال قبل روس اور امریکہ کے درمیان اسلحہ سازی کی دوڑ کو کم کرنے کے لئے جو مذاکرات ہوئے تھے اس کے باوجود روس خفیہ طور پر ہتھیاروں کی دوڑ میں آگے نکل گیا ہے ..."

یہ حقیقت ہے کہ روس کی ہاتھی کے دانت کھانے کے اور ہیں اور دکھانے کے اور۔ وہ تخفیف اسلحہ اور ہتھیاروں کی دوڑ کو کم کرنے کے معاملے سے خواہاں نہیں ہے۔ ...

پاکستانی جنگی قیدی جلد واپس بھیجے جائیں

اردن اور ترکی کے وزرائے خارجہ کا مشترکہ اعلامیہ

راولپنڈی ۲۸ نومبر (پ پ ا) اردن اور ترکی کے وزرائے خارجہ نے جنیوا کنونشنوں کے مطابق پاکستانی جنگی قیدیوں کی جلد واپسی کے لئے اپیل کی ہے۔ ...

آزادی سے پہلے کے جذبہ کو زندہ کیجئے

طلباء کو سیکرٹری وزارت اطلاعات کا مشورہ

راولپنڈی ۲۹ نومبر (پ پ ا) وزارت اطلاعات و نشریات اور امور حج کے سیکرٹری مسٹر نسیم احمد نے طلباء پر زور دیا ہے کہ وہ اس جذبہ کو زندہ کریں جس کا مظاہرہ ان کے پیشرو طلباء نے قیام پاکستان کی جدوجہد کے دوران کیا تھا۔ ...

پاکستان کے حامی رکن پارلیمنٹ نے وزیر اعظم برطانیہ کو آڑے ہاتھوں لے لیا

بنگلہ دیش تسلیم کئے جانے کا بڑا سوال ابھی باقی ہے ۔۔۔ ہیتھ کا بیان

جنگی قیدیوں کی واپسی اور بنگلہ دیش میں مقدمات وسیع تر تصفیہ کا جزو ہیں گے

...

ہمیں ہماری آن دو ۔۔۔ پورا پاکستان دو!

بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کی سرکاری مہم کے خلاف ملتان کے طلبا کا نیا نعرہ

ملتان ۲۹ نومبر ... ملتان کے سینکڑوں طالب علموں نے آج بنگلہ دیش کو منظور کرنے کی سرکاری مہم کے خلاف زبردست مظاہرہ کیا۔ ...

کیپٹن نیازی کے کیمپ میں سپاہی امیر محمد بھی شہید ہوئے

ایک دن میں دو بار فائرنگ ہوئی، کیپٹن عارفین زخمی ہوئے

...

پاکستان کی تازہ سبزیاں



حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں۔

پاکستانی باسمتی چاول

دال ماش اور مونگ دھلی ہوئی اور کابلی چنا

دال چنا۔ ماش۔ مونگ۔ مسور

مرچ۔ ہلدی۔

آٹا بوری۔

ادرک

لہسن

کدو

کیریلے

AFRO-ASIAN

918 PAPE AVE, TORONTO.

call at 463-1287.

گاہے گاہے باز خواں
یاد رکھنے کی باتیں
مرتبہ: سید یعقوب حسن

ہمیں اپنی قابل فخر روایات زندہ کرنے کی ضرورت ہے

مسلمان مصیبت سے گھبراتا نہیں

آج سے پچیس سال پہلے ۳۰ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو قائد اعظم محمد علی جناح نے لاہور کی یونیورسٹی گراؤنڈ میں اہالیان شہر کے ایک عظیم اجتماع سے جس کی تعداد ایک محتاط اندازے کے مطابق تین لاکھ افراد سے کسی طرح کم نہیں تھی۔ قیام پاکستان کے بعد اپنی پہلی و آخری تقریر ارشاد فرمائی۔ کیونکہ اس کے بعد آپ کو اپنی عدیم الفرصتی کا موقعہ نہ ملا اور مرض الموت کی شدت کی وجہ سے اتنی جلدی ہی نہیں مل کر آپ دوبارہ یا سہ بارہ اہالیان لاہور کے اتنے بڑے عظیم اجتماع سے خطاب کرتے۔ اس طرح قیام پاکستان کے بعد لاہور میں قائد اعظم کی یہ پہلی اور آخری پبلک تقریر تھی اور اپنی نوعیت کے لحاظ سے تاریخی حیثیت رکھتی ہے۔ آپ نے اہالیان لاہور و پاکستان کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔

"ہم نے حصول آزادی کا مقصد عظیم حاصل کر لیا ہے اور دنیا کی سب سے بڑی پانچویں آزاد و خود مختار مملکت پاکستان قائم کر لی ہے۔ برصغیر کے حالیہ اندوہناک واقعات نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ کوئی قوم مصائب اور تلخ باتوں سے گزرے بغیر آزادی حاصل نہیں کر سکتی۔ ہم اس وقت ناقابل بیان مشکلات اور مصائب میں گھرے ہوئے ہیں۔ ہم نے خوفناک اندیشوں اور ذہنی کرب کے دن گزارے ہیں لیکن اب میں پورے اعتماد کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ جرأت و خود اعتمادی اور اللہ کی رحمت سے ہم کامیاب و کامران ہوں گے اور دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو کبھی ختم نہیں کر سکے گی۔"

"ممکن ہے کہ بعض لوگ ۳ جون ۱۹۴۷ء کے منصوبے کو تسلیم کرنے کے اتفاق کو اسی غلطی سے تعبیر کریں۔ لیکن میں انہیں بتا دینا چاہتا ہوں کہ اگر ہم کوئی اور راستہ اختیار کرتے تو نتائج انتہائی تباہ کن ثابت ہوتے۔ ہم نے اپنی جگہ اس منصوبے پر پوری دیانتداری اور نیک نیتی سے عملدرآمد کا بیڑا اٹھایا۔ وقت اور تاریخ اس بات کو ثابت کریں گے۔ دوسری جانب تاریخ ان لوگوں کو بھی ہمیشہ یاد رکھے گی جنہوں نے دغابازی، مکاری اور ریشہ دوانیوں کی بدولت اس برصغیر پر انتشار و بدنظمی کے دروازے کھولے اور لاکھوں بے گناہوں کی دردناک موت کا سامان کیا۔ بے شمار جانبازوں اور املاک کو تاخت و تاراج کیا اور لاکھوں بے گناہ افراد کو خانماں برباد اور اپنی عزیز ترین اشیاء سے محروم کر کے مصیبت و ذلت کا شکار بنایا۔ نہتے اور کمزور انسانوں کا یہ منظم قتل عام تاریخ انسانی کے سب سے زیادہ سنگ دل اور ظالم لوگوں کو بھی شرمسار کر رہا ہے۔ در اصل ہم اس منظم اور سوچی سمجھی ہوئی سازش کے شکار ہوئے ہیں جو دیانتداری دلیری اور وقار کے بنیادی اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہے اور اس سازش کی جڑیں بہت دور تک پھیلی ہوئی تھیں ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں۔ جس نے ہمیں ان شیطانی قوتوں کا مقابلہ کرنے کی جرأت و ہمت عطا کی۔ اگر ہم قرآن حکیم سے ہدایت اور رہنمائی حاصل کریں تو ہمیں ایک بار پھر یہ کہنا ہوگا کہ فتح بالآخر ہماری ہوگی۔ اب ایک لمحے کے لئے بھی یہ تصور اپنے ذہن میں نہ لائیے کہ آپ کے دشمن اپنی سازش میں کامیاب ہو سکیں گے لیکن اس کے ساتھ ہی کسی حالات میں بھی موجودہ صورت حال سے ناامید بھی نہ ہوں۔ اپنے دلوں کو ٹٹولئے اور دیکھئے کیا اس نئی اور نوزائیدہ مملکت کی تعمیر میں اسے مستحکم بنانے میں آپ اپنا حق ادا کر رہے ہیں؟"

"اس عظیم ہم کی شکست ہو دست سے بہت زیادہ ہے۔ تاریخ میں ایسی لاتعداد مثالیں ملتی ہیں کہ کئی قوموں نے انتہائی ناسازگار اور نازک حالات میں اپنے عزم و حوصلہ اور بلندی کردار سے اپنی تعمیر آپ کی۔ آپ کی تخلیق اعلیٰ ترین جوہر سے ہوئی ہے اور آپ کسی سے کمتر نہیں ہیں۔ پھر آپ کیوں نہ دوسرے بہت سے لوگوں کی طرح کامیابی حاصل کریں۔ آپ خود اپنے آباؤ اجداد کی طرح سربلند و کامران کیوں نہ ہوں۔ آپ کو اپنے اندر مجاہدانہ جذبہ پیدا کرنا ہوگا۔ آپ ایک ایسی قوم کے افراد ہیں جس کی تاریخ ایسی شخصیتوں کے اذکار سے بھر رہی ہے جو عظیم کردار، دلیری، بہادری اور قوت عمل کے پیکر تھے۔ اپنی قابل فخر روایات کو زندہ کیجئے اور ان میں فتح و کامرانی کے ایک نئے باب کا اضافہ کیجئے۔"

"میں آپ سے صرف یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ ہر وہ شخص جو میرے پیغام کو سنے۔ عہد کرے کہ وہ اس مملکت پاکستان کو اسلام کا ایک مستحکم حصار اور دنیا کی ایک ایسی عظیم ترین قوم بنانے کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر دے جس کا مطمح نظر اپنی حدود میں اور اس کے باہر امن اور صرف امن قائم کرنا ہو۔ آپ کا اولین فرض، اپنے تباہ حال اور بدنصیب بھائیوں کی آبادکاری ہے۔ جن میں سے بہت سے ہم تک پہنچ چکے ہیں اور لاتعداد ابھی اور آئیں گے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کا سب کچھ لٹ چکا ہے۔ ہم ان کے لئے کم سے کم یہ کر سکتے ہیں کہ اپنے بھائیوں کی طرح ان کا استقبال کریں۔ کوئی بھی معقول اور باسمجھ آدمی ان کو ایک ایسا بارگراں قرار نہیں دے سکتا جو ہم پر زبردستی لاد دیا گیا ہو۔ آپ سے جو کچھ ہو سکے کیجئے اور زندگی و موت کے ان شکاروں کی امداد کے لئے دیجئے جنہوں نے محض اس لئے ظلم و مصائب سہے ہیں کہ وہ مسلمان ہیں۔ اس کے ساتھ ہی اپنا حوصلہ بھی بلند رکھیے۔ موت کا خوف دل سے نکال دیجئے۔ ہمارا مذہب ہمیں یہی تعلیم دیتا ہے کہ ہم ہر وقت مرنے کے لئے تیار رہیں ہمیں پاکستان اور اسلام کے وقار کو بچانے کے لئے موت کا مردانہ وار سامنا کرنا چاہئیے۔ صداقت کی خاطر مجاہدوں کی موت مرنے سے بڑھ کر ایک مسلمان کے لئے کوئی دوسری راہ نجات نہیں ہے۔"

امن وامان اور نظم وضبط کی پابندی ترقی کی بنیادی شرط ہے

"اس کے علاوہ میں مملکت کے ہر فرد پر یہ زور دوں گا۔ خصوصاً نوجوانوں سے یہ کہوں گا کہ وہ جذبہ جانثاری کا مظاہرہ کریں اور جرأت و برداشت کا ایک ایسا معیار قائم کریں۔ جو دوسروں کی رہنمائی کر سکے۔ اعلیٰ اور عظیم الشان مثالیں چھوڑ جائیں جو ہمارے بعد آنے والی نسلوں کے لئے نشان راہ ثابت ہوں۔ آپ ہمیشہ یہ یاد رکھئے کہ امن و امان اور نظم و ضبط کی مکمل پابندی ترقی کی بنیادی شرط ہے۔ اسلامی احکام کی رو سے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ رنگ و نسل کا امتیاز کئے بغیر اپنے ہمسایوں اور اقلیتوں کی حفاظت کرے۔ ہندوستان میں مسلمان اقلیت کے ساتھ جو ناروا سلوک کیا جا رہا ہے۔ اگرچہ وہ ناقابل برداشت اور ناقابل ضبط ہے لیکن اس ناروا ظلم و ستم کے باوجود ہمیں اس بات کو اپنے وقار کا مسئلہ بنا لینا چاہئیے کہ ہماری اقلیتوں کی جان محفوظ رہے اور ان میں سلامتی کا احساس زندہ رہے میں ہر اس مسلمان پر زور دوں گا جو پاکستان کی فلاح کا دل سے خواہاں ہے کہ جذبہ انتقام پر قابو پائے اور ضبط و تحمل سے کام لے۔ کیونکہ انتقام اور امن و امان کی خلاف ورزی کی صورت میں آخر کار ہماری اس عمارت کی بنیادیں کمزور ہو جائیں گی جس کی تعمیر میں آپ نے نمایاں جدوجہد کی ہے۔"

"آخر میں میں ایک مرتبہ پھر پاکستان کے ہر سوجھ بوجھ مند شہری سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ قانون کا احترام کرے اور اپنا نمائندہ حکومت کے لئے ایک مضبوط و مستحکم ستون کی حیثیت سے کام کرے اور ان تمام قائدین سے پورا پورا تعاون کرے جو اپنے ان بدنصیب بھائیوں کے مصائب و مشکلات کا خاتمہ کرنے کے لئے کام کر رہے ہیں جو یہاں پناہ حاصل کرنے کے لئے آ رہے ہیں اور اس کے ساتھ ہی اس عظیم خطرے کا بھی سامنا ہے جو ہمارے سروں پر منڈلا رہا ہے!" قائد اعظم علیہ الرحمۃ نے مزید فرمایا۔

"اگر ہم نے قرآن حکیم کو مشعل ہدایت بنایا تو موجودہ آزمائش میں یقیناً کامیاب و کامران ہوں گے اور فتح انشاءاللہ ہماری ہے۔ پاکستان کے دشمنوں کی خواہش اور کوشش یہ ہے کہ پاکستان پیدا ہوتے ہی ختم ہو جائے۔ کیونکہ انہوں نے ایسے حالات پیدا کر دیئے ہیں اور ایسا نظر آتا ہے کہ مسلمان چاروں طرف سے گھرے ہوئے ہیں لیکن ایک سچا مسلمان مصیبت سے گھبراتا نہیں۔ ہمارے حوصلے بلند ہیں۔ اگر ساری ملت اسلامیہ اسی جذبہ اسی ہمت اور بصیرت سے کام کرتی رہی تو ہماری موجودہ مشکلات بہت جلد ختم ہو جائیں گی۔ اگر ہمارا ایمان مضبوط اور حوصلہ قائم ہے تو انشاءاللہ ہم مصائب پر غالب آ جائیں گے۔" آپ نے خاص طور پر نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔

"آپ اسلام کے سپاہی بنیں اور پاکستان کو صحیح معنوں میں دنیا کی سب سے بڑی پرامن ریاست بنانے کے لئے کوشاں ہو جائیں تو دنیا کی کوئی طاقت ہماری مساعی کو ناکام نہیں بنا سکتی۔ پاکستان کو مٹانا کسی کے بس کی بات نہیں۔"

یہ امر قابل ذکر ہے کہ کشمیر میں بھارتی حکومت اور ڈوگرہ گٹھ جوڑ سے کشمیر کو آزاد کرانے کے لئے کشمیری حریت پسندوں نے ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء سے ریاست میں جدوجہد آزادی شروع کر رکھی تھی۔ اور بہت سا علاقہ بھی آزاد کرا لیا تھا اور یہ جدوجہد ریاست جموں و کشمیر میں بدستور جاری تھی۔ لاہور کے عوام کا خیال تھا کہ قائد اعظم آج کشمیر کے متعلق بھی مزید اظہار خیال کریں گے لیکن عوام کی توقع کے برعکس قائد اعظم علیہ الرحمۃ نے ایک محتاط سیاست دان کی طرح کشمیر یا اس میں جاری شدید جدوجہد آزادی کے متعلق ایک لفظ بھی نہیں کہا۔ (قائد اعظم زندہ باد۔ پاکستان پائندہ باد)

دل پر ہاتھ رکھ کر سوچئے

کیا ہم اپنے لیے گڑھا کھود لیں؟

تحریر: نواز خالد

بعض حلقوں کی طرف سے انفرادی طور پر متواتر یہ آواز اٹھائی جا رہی ہے کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیا جائے۔ اب یہ تاثر دیا جانے لگا ہے کہ صرف پنجاب کے لوگ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے خلاف ہیں۔ گویا باقی صوبے اس بات کے حق میں ہیں حالانکہ تمام صوبوں کے عوام بنگلہ دیش کو بغاوت اور بھارتی جارحیت کا ثمر سمجھتے ہیں۔ وہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنا تو درکنار تسلیم کی تجویز کو بھی غیر آئینی اور غیر قانونی سمجھتے ہیں۔ آئینی وفاداری کے باوجود بعض لوگ بنگلہ دیش کو جلدی تسلیم کرانے کے لئے بے تاب ہیں حالانکہ اس کا کوئی جواز نہیں ہے پھر بھی کچھ لوگ بھارت سے تصادم سے بچنے کے لئے بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کا مشورہ دے رہے ہیں اگر محض تصادم یا جنگ کی بات ہو تو کوئی ملک اپنے سے بڑے ہمسایہ ملک سے تصادم کا خطرہ مول نہیں لیتا لیکن اگر چھوٹے ملک پر تصادم یا جنگ ٹھونس دی جائے۔ جیسا کہ بھارت نے ہمیشہ کیا ہے تو اس تصادم سے بچنے کے لئے صرف ایک ہی راستہ ہے کہ پاکستان کے کروڑوں غیور لوگ اپنے دین کو چھوڑ کر بے دین ہو جائیں۔ اور اپنے علاقے پر ہر لحاظ سے بھارت کی بالادستی تسلیم کریں۔ یقین کیجئے اس سے کم پر بھارت کسی صورت تصادم کی راہ نہیں چھوڑے گا۔ چاہے آپ بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیں یا کشمیر کا پورا علاقہ بھارت کو تحفہ دے دیں۔ غیرت کا تقاضا یہ ہے کہ تصادم سے بچنے کی بزدلانہ سوچ کو خیرباد کہہ کر باغیرت قوم کی طرح دشمن کے مقابلے میں ہم ڈٹ جائیں کہ قوت ارادی کا مظاہرہ کریں۔ یقیناً یہی راستہ پاکستان کی بقا کا ہے۔ ہم نے بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے ساتھ تصادم سے بچنے کی بات منسلک کرنا احمقانہ ہے۔

کچھ لوگ اس خیال خام میں مبتلا ہیں کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کر لینے سے بھارت جنگی قیدی واپس کر دے گا۔ جو لوگ بھارت کی عیاری اور ہندوانہ ذہنیت سے جان بوجھ کر چشم پوشی کر رہے ہیں ایسا ہی سوچ سکتے ہیں۔ جنگی قیدیوں کی واپسی کے لئے اگر پاکستان بین الاقوامی سطح پر مناسب بلکہ شدید کارروائی کرتا تو جنگی قیدیوں کا مسئلہ اتنا نازک صورت اختیار نہ کرتا۔ بلکہ وہ ستر ہزار شہری قیدی تو اب تک کب کے رہا ہو چکے ہوتے۔ اور دنیا کے ضمیر کو پوری شدت سے جھنجھوڑنے کی کوشش کی جاتی تو خاطر خواہ نتائج سامنے آتے۔ مگر قوم کچھ نہیں جانتی کہ جنگی قیدیوں کی رہائی کیلئے کچھ کیا بھی گیا ہے یا محض طفل تسلیاں ہیں۔

ایک لطیفہ کہتا ہے کہ بنگلہ دیش ایک حقیقت ہے اسے تسلیم کر لیا جائے۔ اس طرح تو اسرائیل بھی ایک حقیقت ہے اسے کیوں نہ تسلیم کیا جائے۔ ہر برائی ایک حقیقت بن جاتی ہے۔ اس لئے کیا ہر برائی کو جائز مان لینا چاہئیے؟ ______ در اصل بات یہاں حقیقت یا افسانے کی نہیں بلکہ بات تو جائز اور ناجائز کی ہے۔ بات تو حق اور ناحق کی ہے۔ بات تو سچائی اور جھوٹ کی ہے بات تو حب الوطنی اور بغاوت کی ہے۔ مشرقی پاکستان میں غداروں نے بغاوت کرائی اور بھارت نے مسلح جارحیت سے باغیوں کی مدد کی۔ بھارتی [illegible] اور باغیوں نے محب وطن لوگوں کا قتل عام کیا اور غداروں نے پاکستان سے علیحدگی کا اعلان کر دیا۔ کیا یہ سب کچھ ناجائز نہیں ہوا؟ اگر یہ سب کچھ ناجائز ہے تو اس مشکل جھوٹ کو حقیقت کہنا اور اسے تسلیم کر کے جائز حیثیت دینا بھی بے وفائی نہیں تو اور کیا ہے

کیا اس نام نہاد سیکولر بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیں؟ وہ بنگلہ دیش جس پر ابھی تک بھارتی فوجیں عملاً قابض ہیں۔ وہ بنگلہ دیش جو بھارت کے ساتھ ۲۵ سالہ دفاعی معاہدہ کر چکا ہے۔ اور جس کی اسمبلی کا اجلاس قرآن حکیم کے بجائے بھگوت گیتا کے اشلوک پڑھ کر شروع کیا جاتا ہے۔ جہاں لاکھوں ہندو بھارت سے درآمد کر کے آباد کئے گئے ہیں کروڑ ۱۹۴۷ء میں مشرقی پاکستان سے بھارت چلے گئے تھے۔ اس خطے کے باغیوں کی باغیانہ سرگرمیوں کو جائز قرار دے لیں جنہوں نے پاکستانی فوج کی راہوں میں رکاوٹیں کھڑی کیں اور پل اڑائے اور فوج کو روزمرہ کے فرائض سے روکا اور اسے اشتعال دلایا۔ اس بغاوت کو جائز مان لیں جس میں قومی پرچم اور قائد اعظم کی تصاویر کو جلایا گیا۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کرتے کرتے نتیجے میں اس پاکستانی فوج کو مجرم قرار دے کر اس پر مقدمہ چلانے کے لئے بنیاد مہیا کر دیں۔ جس فوج نے بغاوت ختم کرنے اور بھارتی مداخلت کاروں سے نجات حاصل کرنے کو اپنا فرض سمجھا۔ بنگلہ دیش تسلیم کر کے بھارتی جارحیت کو جائز ثابت کر دیں تاکہ پاکستان کے محب وطن لوگوں کے منہ پر طمانچہ پڑ سکے اور وہ آئندہ پاکستان کی محبت کا تصور بھی ذہن سے نکال دیں۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کر کے ان سینکڑوں دانشوروں کی عظیم شہادت کو فراموش کر دیں جن کو بیشتر میدانوں میں قطاروں میں کھڑا کر کے مکتی باہنی نے گولی کا نشانہ بنایا۔ بنگلہ دیش تسلیم کر کے ان لاکھوں محب وطن لوگوں کی قربانیوں پر لعنت بھیجیں۔ جنہیں مکتی باہنی اور باغیوں نے قتل کر دیا اور ان کے گھروں کو جلا دیا۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کر کے لاکھوں بہاریوں کی امید کی شمع گل کر دیں جو آج بھی محب وطن ہونے کی وجہ سے گھناؤنے مصائب میں مبتلا ہیں۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کر کے ان ہزاروں محب وطن لوگوں کو جو بنگلہ دیشی جیلوں میں بند ہیں مزید سزا کا مستحق قرار دے دیں اور ان لوگوں کو بے دست و پا کر دیں جن پر یہ مقدمہ چلایا جا رہا ہے۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کر کے غداروں کو خلعت بخشیں تاکہ مزید لوگوں میں غداری کی جسارت و جرأت پیدا ہو سکے۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کر کے بھارتی عزائم اور منصوبوں کو تقویت پہنچائیں۔ بنگلہ دیش تسلیم کر کے بھارت کو سند شرافت، سند معقولیت اور سند بہادری عطا کر دیں جس نے مشرقی پاکستان میں پہلے مداخلت کار اور گوریلے بھیجے پھر باقاعدہ مسلح جارحیت کا ارتکاب کیا۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کر کے مستقبل کی نسلوں کو اپنے افلاس فکر کا ماتم کرنے کی سعادت بخشیں۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیں کہ مستقبل کا مورخ ہمیں "نااہل اور بے غیرت" قوم کے خطاب سے نوازے۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیں کہ غیروں کو ہماری بزدلی اور بے حسی کی وجہ سے ہنسی اڑانے کا موقع ملے جنہوں نے ابھی تک اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کر کے بھارت اور اسرائیل کو خوشی کا موقع فراہم کریں۔ اسرائیل کو یہ کہنے کا موقع دیں کہ جس بنیاد پر بنگلہ دیش کو تسلیم کیا گیا اسی بنیاد پر اسرائیل کو بھی تسلیم کیا جا سکتا ہے۔

کچھ لوگ جنگ سے بچنے کے لیے "بنگلہ دیش" کو تسلیم کرنے کا مشورہ دے رہے ہیں

ان کروڑوں محب وطن لوگوں کو بے سہارا کر دیں جن کے دل آج بھی پاکستان کی محبت میں دھڑکتے ہیں۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کر کے ان بے باک لوگوں کے گلے میں پھانسی کا پھندا ڈال دیں۔ جو آج بھی سرعام پاکستانی پرچم لہرا دیتے ہیں۔ بنگلہ دیش تسلیم کر کے خودکشی کا پھندا اپنے ہاتھوں اپنے گلے میں ڈال لیں۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کر کے اپنی خود غرضی اور خبث باطن کو دنیا کے سامنے ثابت کر دیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

غیر سیاسی باتیں

● بنگلہ دیش کے حق میں یعنی پاکستان کے دو ٹکڑے کرنے والی بھارتی جارحیت کو تسلیم کرنے کے حق میں سرکاری طرف سے جو دلیل مسلسل دی جا رہی ہے۔ وہ یہی ہے کہ اب مشرقی پاکستان پاکستان کا حصہ نہیں بلکہ بنگلہ دیش بن چکا ہے اور یہ ایک حقیقت ہے چونکہ ہر حقیقت ایک معقول انسان کو تسلیم کر لینی چاہئیے اس لئے ہمیں "بنگلہ دیش" کو حقیقت مان کر اسے ایک آزاد اور علیحدہ ملک کی حیثیت سے تسلیم کر لینا چاہیے۔

● حقیقتوں کو تسلیم کرنے کا تنازعہ بہت پرانا ہے غالباً اتنا ہی پرانا جتنا کہ خود انسان پرانا ہے۔ انسانی تاریخ میں کتنی ہی حقیقتیں سامنے آئی ہیں۔ لیکن انسانوں نے انہیں تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ مثلاً کمیونسٹ خدا کی حقیقت کو تسلیم نہیں کرتے۔ ہم ان دنوں بہت ترقی پسند بنے ہوئے ہیں اور بائیں بازو کے لوگ کہلوانے پر فخر محسوس کرتے ہیں لیکن خیال ہے اگر ہم روس کے اس بنیادی معاملے کو بھی تسلیم کر لیں کہ خدا کا وجود (نعوذ باللہ) کوئی حقیقت نہیں ہے۔ بلکہ اصل حقیقت اس کا عدم وجود اور مادیت ہے۔ اس طرح کی بے شمار ایسی حقیقتیں ہیں جن کو کچھ لوگ اور چند قومیں تسلیم نہیں کرتیں۔ [illegible]

[illegible]

عبدالقادر حسن

اعتبار دشمناں

امن کے خوگر نہیں ہم رزم پروردہ بھی ہیں
آشتی کے رنگ کو خاکوں میں کیوں بھرتے رہیں
دشمنوں کی دوستی کا تابکے ہم دم بھریں
تابکے ہم اعتبار دشمناں کرتے رہیں

● شرقت بن شالف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صدائے پاکستان

پندرہ روزہ

ٹرانٹو کینیڈا

یاد کرو وہ وقت جب کہ تم تھوڑے تھے، زمین میں تم کو بے زور سمجھا جاتا تھا۔ تم ڈرتے رہتے تھے کہ کہیں لوگ تمہیں مٹا نہ دیں۔ پھر اللہ نے تم کو جائے پناہ مہیا کر دی۔ اپنی مدد سے تمہارے ہاتھ مضبوط کیے اور تمہیں اچھا رزق پہنچایا تاکہ تم شکر گزار بنو۔

اے ایمان والو! جانتے بوجھتے اللہ اور اس کے رسولؐ کے ساتھ خیانت نہ کرو اور اپنی امانتوں میں غداری کے مرتکب نہ ہو۔

بنگلہ دیش کیوں تسلیم نہ کیا جائے

• صدر صاحب نے فرمایا کہ مسلم بنگال سے رابطہ پاکستان اور اسلام کے مفاد میں ہوگا۔ یہ مسلم بنگال کیا ہے؟ مشرقی پاکستان کیوں نہیں؟ یہ الگ بحث ہے۔ ہم فی الوقت اس سے صرف نظر کر کے مشرقی پاکستان سے رابطے کے بارے میں یہ عرض کریں گے کہ مشرقی پاکستان سے رابطہ بلاشبہ اسلام کے مفاد میں ہے۔ مفاد میں نہ ہوتا تو مشرقی پاکستان کو پاکستان کا حصہ بنا کر ملک وجود میں کیوں لایا جاتا۔ لیکن بنگلہ دیش تسلیم کرنے سے تو یہ رابطہ ٹوٹ جائے گا اور مشرقی پاکستان کو بنگلہ دیش تسلیم کر کے وہ پاکستان ہی کہاں رہے گا جس کے مفاد کی صدر صاحب بات کرتے ہیں۔ پاکستان تو نام مشرقی اور مغربی پاکستان کے اشتراک سے وجود میں آنے والے ملک کا نام ہے۔ ایک حصے کو ملک سے علیحدہ تسلیم کر لیا جائے تو وہ ملک ہی کہاں رہے گا۔ یہ تو خیر نظری بات ہے عملی بات یہ ہے کہ رابطے کی صورت کیا صرف یہی رہ گئی ہے کہ مشرقی پاکستان کا رشتہ پاکستان سے ہمیشہ کے لئے منقطع تسلیم کیا جائے۔ رابطے کا مطلب ہے کہ مشرقی پاکستان کے عوام سے رابطہ قائم کرنے اور ان کے دل جیتنے کی کوشش کی جائے اور اس سلسلے میں بہت سے مواقع تھے جن پر حکومت پاکستان مثبت اقدام کر کے مشرقی پاکستان کے عوام کو راضی کرنے کی کوشش کر سکتی تھی۔ مثلاً بھارت میں پچھلے ۲۵ برس میں جب کبھی ہندو مسلم فساد ہوا تو پاکستان نے مسلمانوں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے آواز اٹھائی اور ان کے نقصان پر احتجاج کیا۔ اس طرز عمل نے ہمیشہ بھارت میں آباد مسلمانوں کا قلبی رابطہ پاکستان سے استوار رکھا۔ انہوں نے پاکستان کو اپنا سہارا سمجھا اور جب پاکستان پر کبھی برا وقت آیا تو بھارت میں ہونے کے باوجود ان کے دل سے بھارت کے لئے بد دعائیں اور پاکستان کے لئے دعائیں نکلیں۔ پچھلے ایک سال میں بھارتی فوجیوں، تاجروں اور ہندوؤں نے مشرقی پاکستان کے مسلمانوں کو جس بیدردی سے لوٹا اور ان پر جیسا جیسا ظلم کیا۔ اس کی خبریں پوری دنیا کے اخبارات میں چھپیں حتیٰ کہ ڈھاکہ، چاٹگام اور دوسرے مقامات پر خونریز ہندو مسلم فسادات بھی ہوئے۔ کیا ان خبروں پر احتجاج کر کے اور مشرقی پاکستان کے مسلمانوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے آواز اٹھا کر مشرقی پاکستان کے عوام سے قلبی رابطہ پیدا کرنا ممکن نہیں تھا؟ ان خبروں پر خاموشی اختیار کر کے مشرقی پاکستان کے عوام کو تو یہ باور کرایا گیا کہ پاکستان ان کا سہارا نہیں بن سکتا۔ اس کے بعد رابطے کا کیا سوال ہے۔ ایک سال میں مشرقی پاکستان میں کئی سیلاب اور طوفان آئے۔ کیا پاکستان کی حکومت نے اس پر سرکاری طور پر کبھی رنج و ملال کا اظہار کیا اور ریڈ کراس کے ذریعے امداد پہنچانے کی کوشش کی۔ مشرقی پاکستان کے مسلمان حج پر جانے کے لئے تڑپتے رہے کیا حکومت پاکستان سعودی حکومت سے درخواست نہیں کر سکتی تھی کہ مشرقی پاکستانی مسلمانوں کو پاکستانیوں کے طور پر حج کی اجازت دی جائے اور اس سلسلے میں خصوصی انتظامات کئے جاتے۔ یا اس قسم کے چھوٹے موٹے بیسیوں اقدامات کے مواقع حکومت نے جان بوجھ کر ضائع کئے حالانکہ مشرقی پاکستان سے رابطہ استوار کرنے کے لئے ان کی عملی اہمیت غیر معمولی تھی۔ رابطہ بحال کرنے کے لئے عملی اہمیت کے ان مواقع کو ضائع کر کے خیالی حکومت کے سربراہ کس منہ سے یہ کہتے ہیں کہ وہ مسلم بنگال سے رابطے کے خواہاں ہیں۔ موجودہ حکومت نے مغربی پاکستان میں موجود بنگالیوں کو یرغمال بنا کر انہیں ملازمتوں سے علیحدہ کر کے محض ایک چوتھائی گزارا الاؤنس پر گزر بسر کے لئے مجبور کر کے انہیں جیسی مشکلات سے دوچار کیا اس نے مشرقی پاکستان سے رابطے کو اور مشکل بنا دیا۔

کشمیر کنٹرول لائن کی اہمیت

برصغیر کے امن پسندوں کی توقعات کے برعکس جنرل ٹکا خان اور جنرل سام مانک شا کی بات چیت کا کوئی خاص نتیجہ برآمد نہیں ہوا۔ ساڑھے تین گھنٹے کے مذاکرات میں دونوں جنرل صرف اس بات پر متفق ہوسکے کہ وہ تاخوچک کا مسئلہ اپنی اپنی حکومتوں کو پیش کریں گے۔ اس طرح یہ بات سامنے آگئی کہ بھارت معاہدۂ شملہ کی بالکل واضح ہدایات پر عملدرآمد کے معاملے میں بھی اپنی من مانی تعبیرات اور بیجا ضدوں کو چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہے۔ اس کی کوشش یہ ہے کہ پاکستان کو تعبیر کے گورکھ دھندوں اور تاخیر کے ہتھکنڈوں میں الجھا کر اپنے مطلب کی بات منوالی جائے۔ تاخوچک سے متعلق ڈیڑھ میل کے علاقے پر اس نئے جو غیر ضروری جھگڑا کھڑا کیا ہے اس پر اب ساری دنیا میں نکتہ چینی کا آغاز ہو رہا ہے کیونکہ بھارت کے ناقابل فہم موقف کے مقابلے میں پاکستان کا موقف واضح، دوٹوک اور معاہدۂ شملہ کے عین مطابق ہے۔ دونوں ملکوں کے فوجی سربراہوں نے سمجھوتے کے جس حصے کی تعبیر پر اختلاف کیا ہے اس میں اختلاف کی گنجائش موجود ہی نہیں ہے۔ معاہدہ کے متن کی دفعہ ۴ کے الفاظ بالکل واضح اور ابہام سے پاک ہیں۔ اس میں کہا گیا ہے۔

(۱) بھارتی اور پاکستانی فوجیں بین الاقوامی سرحدوں پر اپنے اپنے علاقے میں واپس بلالی جائیں گی۔

(۲) جموں و کشمیر میں ۱۷ دسمبر ۱۹۷۱ء کی جنگ بندی کے نتیجے میں جو کنٹرول لائن قائم ہوئی ہے اس کا پہلے کی تسلیم شدہ حیثیتوں کے باوجود دونوں فریق احترام کریں گے۔ باہمی اختلافات اور قانونی تشریحات کے ذریعہ کوئی فریق لائن آف کنٹرول کو یکطرفہ طور پر تبدیل نہیں کرے گا۔ دونوں فریق یہ طے کرتے ہیں کہ اس لائن کی خلاف ورزی میں طاقت کے استعمال کی دھمکیوں سے گریز کریں گے۔"

معاہدۂ شملہ واضح طور پر یہ ہدایت دیتا ہے کہ جموں و کشمیر میں وہ پوزیشنیں برقرار رہیں گی جو ۱۷ دسمبر ۱۹۷۱ء کو جنگ بندی کے وقت موجود تھیں۔ اسی شق کے بموجب یہ طے کیا گیا ہے کہ پاکستان نے وادی لیپا میں جو علاقہ بھارتیوں سے ۱۷ دسمبر کے بعد چھینا تھا اسے واپس کر دیا جائے۔ پاکستان اپنا علاقہ بھارت کے کنٹرول میں دینے پر صرف اس لئے رضامند ہوا ہے کہ معاہدہ شملہ سے انحراف نہ ہو۔ اس کے بالکل برعکس تاخوچک نامی گاؤں کا مسئلہ ہے جو جموں کے قریب واقع ہے۔ اس گاؤں پر ہماری فوج نے قبضہ کیا تھا اور جنگ بندی کے وقت سے اب تک یہ ہمارے کنٹرول میں ہے۔ بھارتی سروے افسر اس قبضے کی تصدیق اکتوبر ۱۹۷۲ء میں کر چکے ہیں۔ اتنی واضح اور قطعی طور پر غیر مبہم صورتحال کے باوجود بھارت ہم پر تاخوچک حاصل کرنے کے لئے دباؤ ڈال رہا ہے اور معاہدۂ شملہ پر عملدرآمد میں رخنہ اندازی کر رہا ہے۔ وہ وادی لیپا کی چوکیاں بھی چاہتا ہے اور وہ علاقے بھی جن پر ۱۷ دسمبر کو ہمارا کنٹرول تھا۔ بھارت کی یہ دو رخی اس کی پرفریب ڈپلومیسی کا تازہ ترین شاہکار ہے۔

فوجی سربراہوں کی بات چیت سے جو بات واضح ہو کر سامنے آگئی ہے وہ یہی ہے کہ بھارت واضح اور صاف معاملات کو الجھانے کی پرانی روش پر کار فرما ہے۔ دوسروں کا علاقہ حاصل کرنے کے لئے وہ ہمیشہ یہی کرتا ہے کہ معاہدوں اور قراردادوں کی تعبیر میں گڑبڑ کر کے اپنے مطلب کی بات منوانے کی سعی کرے۔ چین کے ساتھ اس نے نیفا اور لداخ میں یہی کھیل کھیلنے کی کوشش کی لیکن جب چین سے اچھا سبق مل گیا تو وہ خاموش ہو کر بیٹھ رہا۔ پاکستان کے ساتھ اس نے ابتدا ہی سے یہی روش اختیار کی ہے۔ سب سے پہلے اس نے تقسیم ہونے والی رقومات اور جنگی سازو سامان میں سے پاکستان کا حصہ نہیں دیا اور قانونی نکات کی نت نئی تعبیر کرتا رہا۔ اس کے بعد مسئلہ کشمیر کے حل کے سلسلے میں اس نے دھاندلی کی انتہا کر دی۔ تنازعہ کے حل کے لئے سلامتی کونسل نے جو قراردادیں منظور کیں ان کا ایک لفظ بھی مبہم نہیں تھا۔ ان قراردادوں کی روشنی میں نہرو نے جو وعدے کئے وہ بھی بالکل واضح تھے ان کے باوجود آج تک کشمیر میں استصواب نہیں ہو سکا۔ آنجہانی نہرو نے سب سے آخر میں جس منطق کی آڑ میں پناہ لی وہ یہ تھی کہ پاکستان سیٹو سینٹو کا رکن بن گیا ہے، طاقت کا توازن بگڑ گیا ہے لہٰذا استصواب نہیں ہو سکتا۔ اتنا عجیب اور لایعنی استدلال صرف بھارت ہی پیش کر سکتا تھا۔ نہرو نے اپنے طور پر یہ فرض کر لیا تھا کہ کشمیر میں استصواب کی شرط یہ بھی ہے کہ پاکستان کسی قسم کے فوجی معاہدے میں شریک نہیں ہوگا۔ اس مفروضے کے مطابق انہوں نے قراردادوں اور بین الاقوامی وعدوں کی ایک سے ایک زیادہ غیر منطقی اور غیر منصفانہ تعبیر کی اور محض عالمی صورت حال کی وجہ سے دنیا ان کے سامنے خاموش تماشائی بنی رہی۔ آج مسز اندرا گاندھی بھی اسی روش پر قائم ہیں اور سیدھے سادے الفاظ کے مطلب تبدیل کرنے پر پورا زور صرف کر رہی ہیں۔ تاخوچک کا مسئلہ اسی ورثے کی وجہ سے پیدا ہوا ہے جو انہیں نہرو اور دوسرے بھارتی لیڈروں سے ملا ہے۔ بھارت کے سوا دنیا کی کوئی حکومت فارمولے کے مطابق بننے والے نقشے پر ابتدائی دستخط کے بعد اسے ماننے سے انکار نہیں کر سکتی۔ بھارت چونکہ ابتدا ہی سے اس روش پر قائم ہے لہٰذا یہ اس کے لئے کوئی نئی بات نہیں ہے۔

حکومت پاکستان کے لئے بھارت کا پیدا کردہ یہ تعطل پریشان کن بھی ہے خطرناک بھی اور ایک کڑی آزمائش بھی۔ اس وقت پاکستان کے ہر باشعور فرد کو معلوم ہے کہ جھگڑا ایک گاؤں پر ہے جس پر بھارت بغیر کسی حق اور استدلال کے محض دباؤ کے ذریعے قبضہ جمانا چاہتا ہے۔ بات اب اتنی آگے بڑھ چکی ہے کہ پاکستان کے تمام لوگ اس مسئلے کے منصفانہ حل پر نگاہ رکھیں گے لہٰذا حکومت کو اس نازک معاملے میں بڑی احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ دوسری بات یہ ہے کہ ڈیڑھ میل کے ایک چھوٹے سے علاقے پر بھارت کی طرف سے اتنی ضد بے معنی نہیں ہو سکتی۔ اس کا مطلب اس کے سوا کچھ اور نہیں ہو سکتا کہ بھارت کشمیر کے حالات کو اور بڑی حد تک اپنے حق میں کرنے کے لئے مستقبل میں کچھ اور کھیل کھیلنے کا ارادہ رکھتا ہے اور اس میں تاخوچک کا علاقہ اہمیت رکھتا ہے۔ یہ بات حکومت کی نظر میں ہوگی کہ کشمیر میں کنٹرول لائن کے تعین پر ملک کے کچھ طبقوں میں اضطراب موجود ہے۔ ان طبقوں کا خیال ہے کہ اس کنٹرول لائن کی وجہ سے نہ صرف آزاد کشمیر بلکہ پاکستان کے لئے بھی خطرات بڑھ جائیں گے اور مستقبل میں کسی انتہائی تکلیف دہ صورتحال کا پیدا ہونا بعید از امکان نہیں رہے گا۔ ان حالات میں نہ صرف کنٹرول لائن بلکہ ایک خاص انداز میں اس کے تعین کی کوشش کے پیچھے بھارت کی ضد کا مقصد سمجھنے کی شدید ضرورت ہے۔ مسئلہ صرف ڈیڑھ میل علاقے کا نہیں بلکہ آزاد کشمیر اور پاکستان کے تحفظ کا ہے لہٰذا یہ ضروری ہو گیا ہے کہ اس معاملے کو انتہائی اہم قومی مسئلہ تصور کرتے ہوئے اس کے تمام پہلوؤں پر غور کر لیا جائے۔ اگر یہ طے ہوتا ہے کہ تاخوچک کے مسئلے پر آئندہ بات چیت غیر فوجی سطح پر ہوگی تو بھی اس کی پوری تیاری بہت ضروری ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ بھارت کی حد سے زیادہ ضد نے اس معاملے کو بہت نازک بنا دیا ہے لہٰذا اس کے آئندہ عزائم کا مکمل طور پر جائزہ لئے بغیر ہم ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھ سکتے۔

جنگاہِ زرگری (ری-این-او) کی فضاؤں میں

ابلیس اور اس کے مشیر سیاست کے مابین ایک مکالمہ

ابلیس

ہمدم دیرینہ کیا ہے آج کی تازہ خبر؟

مشیر سیاست

سوز و ساز و درد و داغ و آہ و نالہ شور و شر!

ابلیس (در اظہار مسرت)

خوب! لیکن یہ وضاحت بھی ذرا کر دیجئے

کس کی کوشش سے ہوا نظم جہاں زیر و زبر؟

آتش انساں و گل فرسودۂ آدم نہ تھی

ہو نہ ہو پھر کارفرما ہے کہیں تیرا شرر!

مشیر سیاست (در انداز راز میں)

بھر دیا ہے میں نے ہر اک بوالہوس کے خون میں

حب دنیا میں خیال جاہ جس قدر سوز و گداز

کیا امامانِ سیاست کیا کلیسا کے شیوخ

چل گیا ہے سب پہ میرا جادوئے عشق مجاز

ابلیس

ہاں! مستنکر اب ذرا تفصیل اس اجمال کی

فاش کر دے فطرتِ آدم کی کمزوری کا راز

کس طرح تیرے فسونِ زرگری سے بوالہوس

ہیں جہانِ آب و گِل میں بستۂ دامانِ آز؟

مشیر سیاست

کیا بتاؤں میں تجھے اے محرم اسرار شر!

تجھ سے پوشیدہ نہیں جمہور کی بود و نمود

جرأت آموز سخن ہے میری آتش کا وجود

باعث آزادیٔ افکار ہے میرا وجود

ہے مرے تخیل کی تخلیق جمہوری نظام

اس عالم کے زیاں سے جس کا وابستہ ہے سود

محفلِ عالم کے ہنگاموں کی رونق ہے یہی

ورنہ بے کیف ہے یہ جہان ہست و بود

دیدنی ہے منظرِ بزمِ سیاست اس گھڑی

جب پئے شرکت یہاں موجود ہوں میرے وفود

ہیں وہ پروانے اسی شمعِ قیادت کے جسے

تیری غیرت نے جلایا تھا بہ ہنگام سجود

میں نے بخشی ہے انہیں وہ گرمیٔ سوزِ نفس

ٹوٹ جاتی ہے جو اخلاق و حکومت کی قیود

خونِ آدم زاد آجاتا ہے پھر جوش میں

ٹوٹ جاتا ہے غلاموں کا کہن سالہ جمود

محو پرواز ہو جاتا ہے شہبازوں پہ چنگ

لشکرِ شاہیں سے لڑ جاتے ہیں چڑیوں کے جنود

تیری چشم دور بیں نے وہ سماں دیکھا نہیں

شان سے ہوتا ہے پھر جس دم وہاں میرا ورود

لہلہاتے ہیں جہاں تہذیبِ حاضر کے چمن

جنگ کے شعلوں سے اٹھتا ہے وہاں آہوں کا دود

منظور حسین منظور

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو کینیڈا

۱۵ دسمبر ۱۹۷۲ء

جلد ۱
نمبر ۱۸
فی پرچہ پندرہ سینٹ

پیشِ خدمت لطیف و بیگم انیسی

فوج سیاست سے مکمل طور پر الگ رہے گی

جنرل ٹکا خاں

ہم عساکرِ اسلام کی تابندہ روایات کو ازسرِ نو زندہ کر دیں گے

مادی وسائل کی کوئی حقیقت نہیں، فوج کا جذبہ اور عزم افضل ہوتا ہے

پاکستان بھارت کے ساتھ آبرومندانہ سمجھوتہ چاہتا ہے

مسلمان خدا پر ایمان رکھتا ہے، مخالفانہ پراپیگنڈہ اور ذہنی غسل کے طریقوں سے متاثر نہیں ہوگا

بھارت کی قید سے واپس آنے والے بہادر جوانوں سے چیف آف سٹاف کا خطاب

لاہور ۹ دسمبر (اے پی پ) پاکستان کی بری افواج سیاست سے بالکل الگ تھلگ رہیں گے اور پاکستان کے دستور کا احترام کریں گی اور عساکرِ اسلام کی تابناک روایات کو ازسرِ نو زندہ و تابندہ کرنے کیلئے اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہا دیں گی۔ یہ عزم اعلان بری فوج کے سربراہ جنرل ٹکا خان نے پاکستانی جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا جو بھارتی قید سے [illegible] جنرل ٹکا خان نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج کا عزم و حوصلہ اور جذبہ پہلے کی طرح بلند و بالا ہے۔ اور وہ عساکرِ اسلام کی تابناک روایات کو ازسرِ نو زندہ و تابندہ کرنے کا عزم صمیم رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا ملک [illegible]

[illegible]

پاکستانی قیدیوں پر مقدمات چلانے سے جنیوا کنونشن کی خلاف ورزی ہوگی

صدر بھٹو کی مصالحانہ کوششوں میں رکاوٹ پڑے گی، ڈھاکہ کے رویہ پر پاکستان کا اظہارِ افسوس

اسلام آباد ۹ دسمبر (اے پی پ) ایک سرکاری ترجمان نے آج یہاں کہا کہ حکومتِ پاکستان کو معلوم ہوا ہے کہ [illegible] پاکستانی جنگی قیدیوں [illegible] جنیوا کنونشن [illegible] صدر بھٹو [illegible] مصالحانہ [illegible]

[illegible]

بنگلہ دیش نامنظور: ہمیں مکمل پاکستان چاہیے

ملتان میں ۵۰ ہزار کے اجتماع کا متفقہ مطالبہ

شملہ معاہدہ کے تحت پاکستان کشمیر اور مشرقی پاکستان کی آزادی کی تحریکوں کی حمایت نہیں کرے گا: طفیل محمد

ملتان (نمائندہ خصوصی) امیر جماعتِ اسلامی میاں طفیل محمد نے کہا ہے کہ شملہ معاہدے کے ذریعے پاکستان نے بھارت کو یقین دلایا ہے کہ مشرقی پاکستان اور کشمیر میں اٹھنے والی آزادی کی تحریک کو پاکستان کوئی مدد نہیں دے گا اور بچے کھچے پاکستان میں اس قسم کی تنظیمیں بنانے کی بھی اجازت نہیں دی جائے گی۔ وہ آج قلعہ کہنہ میں ۵۰ ہزار سے زائد عوام کے ایک بہت بڑے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ جماعتِ اسلامی کی تاریخ میں ملتان سے قبل ازیں اس جماعت کو اتنا بڑا اجتماع نصیب نہ ہوا۔ امیر جماعتِ اسلامی نے کہا کہ کنٹرول لائن کا تعین اس طرح کیا جا رہا ہے کہ آزاد کشمیر پر کاری ضرب لگانے اور دفاعی لحاظ سے پاکستان کے لئے اہم چوکیوں کو بھارت کے حوالے کر دیا جائے۔ بھارت کی طرف [illegible] کا فیصلہ کیا جا رہا ہے۔ میاں طفیل محمد نے کہا ایک سال پہلے پاکستان دنیا کی پانچویں بڑی مملکت اور سب سے بڑی اسلامی مملکت تھا مگر اب بعض حکمرانوں کی غداری اور سازشوں کی وجہ سے مشرقی پاکستان ہم سے کٹ گیا۔ اب ہمارے اپنے حکمران فوج کو رسوا کرنے کی مہم پر لگ گئے۔ [illegible] ریڈیو اور ٹیلیویژن کے ذریعے فوج کو رسوا کرنے کی مہم چلائی گئی ہے۔

سودی وہ بحر ہے جس کا کوئی کنارہ نہیں
آزمائے اسے سمجھا اگر تو چارہ نہیں
ظلم فجید گردوں کو توڑ سکتے ہیں
زمانہ کی یہ علامت ہے سنگِ خارا نہیں
خود ہی ڈوبتے ہیں پھر ابھر بھی آتے ہیں
مگر یہ سلسلہ ہرگز ہے گوارہ نہیں

قومی اسمبلی ہی اہم مسائل پر آخری فیصلہ دے گی: صدر بھٹو

ہم عوام کی منزل تک رہبری میں سرخرو ثابت ہوں گے

ہمیں مشرقی پاکستان کے عوام کی امداد کے فرائض انجام دینے ہیں

راولپنڈی ۹ دسمبر (اے پی پ) پاکستان پیپلز پارٹی کے دو روزہ کنونشن کے اختتام پر کل یہاں لیاقت میموریل ہال میں ایک ثقافتی شو پیش کیا گیا جسے صدر بھٹو اور بیگم بھٹو نے بھی دیکھا۔ اس شو کے اختتام پر صدر بھٹو نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی جدوجہد بدستور جاری رہے گی۔ صدر نے اس توقع کا اظہار کیا کہ انشاءاللہ ہم عوام کی منزل تک رہبری کے فرائض میں سرخرو ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود ذاتی حیثیت سے کوئی فیصلہ عوام پر ٹھونسنا نہیں چاہتے اس لئے کہ اہم قومی فیصلوں کا کام قومی اسمبلی کا منصب ہے اور یہی جمہوری روایات بھی ہیں۔ صدر نے کہا ہمیں مشرقی پاکستان میں بسنے والے عوام کی امداد و اعانت کے فرائض انجام دینے ہیں۔ لیکن رجعت پسند لوگ ہمیں اس فرض کی بجا آوری سے باز رکھنا چاہتے ہیں۔ صدر بھٹو نے کہا کہ ان کی حکومت ملک کو افلاس اور جہالت سے نجات دلانا چاہتی ہے جس کا حصول اسی وقت ممکن ہوگا جب ہم اس ضمن میں صحیح سمت قدم بڑھائیں۔ جو پاکستان اور پاکستانی عوام کے حق میں نیک فال ثابت ہو اور جس سے وہ پوری طرح استفادہ کر سکیں۔ حاضرین نے صدر بھٹو کے خیالات کو سراہتے ہوئے پرجوش نعرے لگائے جن میں کہا گیا کہ انہیں صدر کی فہم و فراست، ان کے اخلاص اور ان کے جذبۂ حب الوطنی پر پورا اعتماد ہے۔ اس تقریب کے خاتمہ پر ہم صدر بھٹو کے ساتھ ہیں۔ جیئے بھٹو جیسے ہزاروں سال جئے کے نعرے لگائے گئے۔ اس ثقافتی شو دیکھنے والوں میں قومی اسمبلی کے سپیکر، مرکزی وزراء، صوبہ پنجاب اور سندھ کے گورنر، سندھ کے وزیر اعلیٰ، پاکستان بری کے چیف آف سٹاف اور دیگر سرکردہ بھی شامل تھے۔ اس ثقافتی شو میں "مون" اہل ڈرامہ بھی پیش کیا گیا۔ جس میں پاکستان کے خوش حال اور جدید کی عکاسی کی گئی تھی۔ اور جس میں کئی قومی گیت بھی شامل تھے وطن کی محبت کا مظہر تھا "سوہنی دھرتی اللہ رکھے" "جیے جیے پاکستان"

جب صدر کو اسٹیج پر لایا گیا تو وہ اپنی نشست سے اٹھ کھڑے ہوئے اور اسٹیج تک جا پہنچے صدر بھٹو کی تقلید میں حاضرین بھی اپنی نشستوں سے کھڑے ہو گئے اور انہوں نے مسلسل تالیاں بجائیں۔ یہ لوح جوش و خروش سے پُر اور اس شو کی جان ثابت ہوا۔

ڈاکٹر اے ایم مالک بنگلہ دیش کی نام نہاد عدالت کے سامنے ملزموں کے کٹہرے میں کھڑے ہیں

ڈاکٹر مالک کو جلاوطن نہیں کیا جائیگا

عمر قید سزا اندرون ملک بھگتنا ہوگی

ڈھاکہ ۸ دسمبر (دا خلہ) مشرقی پاکستان کے آخری گورنر اور بین الاقوامی شہرت کے لیبر لیڈر ڈاکٹر اے ایم مالک کو ڈھاکہ کے [illegible] ٹربیونل نے حب الوطنی کے جرم میں عمر قید کی سزا دی ہے لیکن [illegible] بنگلہ دیش سے باہر کسی دوسرے ملک میں جلاوطن نہیں کیا جائے گا [illegible] عمر قید [illegible]

[illegible]

جیسی سکت اس سے بھی زیادہ اہمیت [illegible] پاکستانی [illegible] مسلمان [illegible] ایمان [illegible] پاکستانی فوج [illegible] جنرل ٹکا خان [illegible]

[illegible]